پسینہ اوسکے کے نقل کی یہ ابن ماجہ نے اور روایت ہے حسین بن علی رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

الله عليه وسلم للسائل حق وان جاء على فرس رواه احمد وابو داود وفي
علیہ وسلم نے واسطے مانگنے والے کے حق ہے اگرچہ آوے گھوڑے پر نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد نے اور

المصابیح مرسل الفصل الثالث عن عتبة بن المنذر قال كنا عند

مصابیح میں کہا کہ حدیث مرسل ہے فصل تیسری روایت ہے عتبہ بن منذر سے کہ کہا تھے ہم نزدیک

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقرأ طسم حتى بلغ قصة موسى قال ان موسى

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس پڑھی طسم یہانتک کہ پہنچے قصہ حضرت موسیٰ تک فرمایا تحقیق موسیٰ

عليه السلام اجر نفسه ثمان سنين او عشرا على عفة فرجه وطعام

علیہ السلام نے مزدوری میں دیا ذات اپنی کو آٹھ برس یا دس برس اوپر بچانے شرمگاہ اپنی کے اور طعام

بطنه رواه احمد وابن ماجة وعن عبادة بن الصامت قال قلت

پیٹ اپنے کے نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہ کہا میں نے

يا رسول الله رجل اهدى الي قوسا ممن كنت اعلمه الكتاب و

یا رسول اللہ ایک شخص نے بطریق تحفہ کے بھیجی طرف میری کمان ان شخصوں میں سے کہ تھا سکھلاتا انکو کتاب اور

القرآن وليست بمال فارمي عليها في سبيل الله قال ان كنت تحب ان

قرآن اور نہیں ہے کمان مال پس تیر اندازی کرونگا میں اوس سے بیچ راہ خدا کے فرمایا اگر تو دوست رکھتا ہے یہ کہ

تطوق طوقا من نار فاقبلها رواه ابو داود وابن ماجة باب احياء

طوق پہنایا جاوے طوق آگ کا پس قبول کر اوسکو نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ۔ باب ہے بیچ بیان آباد کرنے

الموات والشرب الفصل الاول عن عائشة عن النبي

زمین خراب کے اور پانی کے بانٹ کرنے میں فصل پہلی روایت ہے حضرت عائشہ سے کہ نقل کی نبی

صلى الله عليه وسلم قال من عمر ارضا ليست لاحد فهو احق قال عروة قضى به

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ آباد کرے زمین کو کہ نہیں کسی کی پس وہ لائق تر ہے ساتھ اوسکے کہا عروہ نے کہ حکم کیا

عمر في خلافته رواه البخاري وعن ابن عباس ان الصعب بن جثامة

حضرت عمر نے بیچ خلافت اپنی کے نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ صعب بن جثامہ نے

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا حمى الا لله ولرسوله رواه

کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے نہیں ہے روندنا شہ گرد واسطے اللہ کے اور رسول اوسکے

البخاري وعن عروة قال خاصم الزبير رجلا من الانصار في شراج

بخاری نے ۔ اور روایت ہے عروہ سے کہ کہا جھگڑا کیا زبیر اور ایک شخص نے انصار میں سے ایک نالی کے پانی میں

مِنَ الْحَرَّةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلَى جَارِكَ

حرہ سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی دے اے زبیر پھر چھوڑ دے پانی طرف زراعت ہمسایہ اپنے کی

فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ فَتَلَوَّنَ وَجْهُهُ ثُمَّ قَالَ اسْقِ يَا

پس کہا انصاری نے کہ یہ حکم اس لیے کرتے ہو کہ ابن زبیر بیٹے ہیں پھپی تمہاری کے پس متغیر ہوا چہرہ حضرت کا پھر فرمایا پانی دے اے

زُبَيْرُ ثُمَّ احْبِسِ الْمَاءَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى الْجَدْرِ ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلَى جَارِكَ فَاسْتَوْعَى

زبیر پھر روک رکھ پانی یہاں تک کہ پہنچے منڈیر تک پھر چھوڑ دے پانی طرف ہمسایہ اپنے کی پس پورا دلوایا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ حَقَّهُ فِي صَرِيحِ الْحُكْمِ حِينَ أَحْفَظَهُ الْأَنْصَارِيُّ وَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر کو حق ان کا بیچ صریح حکم کے اس وقت کہ غصہ دلایا حضرت کو انصاری نے اور

كَانَ أَشَارَ عَلَيْهِمَا بِأَمْرٍ لَهُمَا فِيهِ سَعَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

تھے حضرت کہ مشورہ دیا تھا ان دونوں کو پہلے مرتبہ ایک امر کا کہ واسطے ان دونوں کے تھی اس میں فراخی متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوا فَضْلَ الْمَاءِ لِتَمْنَعُوا بِهِ فَضْلَ الْكَلَإِ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو تم زیادہ پانی کو تاکہ منع کرو بسبب اس کے زیادہ گھاس کو

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ

متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں کلام کریگا ان سے

اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ رَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى سِلْعَةٍ لَقَدْ أُعْطِيَ بِهَا

اللہ دن قیامت کے اور نہ دیکھیگا طرف ان کی ایک وہ شخص کہ قسم کھاتا ہے اوپر اسباب کے کہ تحقیق دیا جاتا تھا وہ

أَكْثَرَ مِمَّا أُعْطِيَ وَهُوَ كَاذِبٌ وَرَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ

زیادہ اس چیز سے کہ دیا گیا اور وہ شخص ہے جھوٹا اور دوسرا وہ شخص کہ قسم کھائی ایک چیز پر قسم جھوٹی پیچھے نماز عصر کے

لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ مَاءٍ فَيَقُولُ اللّٰهُ الْيَوْمَ

تاکہ لیوے بسبب اس قسم کے مال مرد مسلمان کا اور تیسرا وہ شخص کہ منع کیا اس نے زیادہ پانی کو پس فرماویگا اللہ تعالیٰ آج کے دن

أَمْنَعُكَ فَضْلِي كَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَاءٍ لَمْ تَعْمَلْ يَدَاكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ

منع کرونگا میں تجھکو فضل اپنے سے جیسا کہ منع کیا تو نے زیادہ پانی سے کہ نہیں نکالا تھا اس کو ہاتھوں تیرے نے متفق علیہ اور ذکر کی گئی

حَدِيثُ جَابِرٍ فِي بَابِ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا مِنَ الْبُيُوعِ اَلْفَصْلُ الثَّانِي

حدیث جابر کی بیچ باب المنہی عنہا من البیوع کے فصل دوسری

عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَاطَ حَائِطًا عَلَى الْاَرْضِ

روایت ہی حسن بصری سے کہ نقل کی سمرہ سے کہ اونے نقل کی نبی صلعم سے کہ فرمایا جو شخص کہ گہیرے دیوار زمین پر

فَهُوَ لَهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

پس وہ واسطے اوسکے ہی نقل کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہی اسماء بیٹی ابی بکر کی سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِلزُّبَيْرِ نَخِيْلًا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

علیہ وسلم نے جاگیر کردی واسطے زبیر کے درخت کہجوروں کی نقل کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہی ابن عمر سے یہ کہ نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِلزُّبَيْرِ حُضْرَ فَرَسِهٖ فَاَجْرٰی فَرَسَهٗ حَتّٰی قَامَ ثُمَّ رَمٰی

علیہ وسلم نے جاگیر کردی زبیر کو بقدر دوڑنے گہوڑے اوسکے پس دوڑایا زبیر نے گہوڑا اپنا یہانتک کہ ٹہیرا پہر پہینکا

بِسَوْطِهٖ فَقَالَ اَعْطُوْهُ مِنْ حَيْثُ بَلَغَ السَّوْطُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَلْقَمَةَ

کوڑا اپنا پس فرمایا حضرت نے دو زبیر کو اسجاگہ تک کہ پہنچا ہے کوڑا نقل کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت کی علقمہ

ابْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَهٗ اَرْضًا بِحَضْرَمَوْتَ قَالَ

بن وائل نے اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جاگیر کردی اوسکو ایک زمین حضرموت میں کہا وائل نے

فَاَرْسَلَ مَعِیْ مُعَاوِيَةَ قَالَ اَعْطِهَا اِيَّاهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ

کہ بہیجا حضرت نے ساتہ میرے معاویہ کو تاکہ ناپ دیوین وہ زمین محکو فرمایا حضرت نے معاویہ کو دیدے وہ زمین وائل کو نقل کی یہ ترمذی اور

اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ الْمَارِبِيِّ اَنَّهٗ وَفَدَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ

ابیض بن حمال ماربی سے کہ وہ آیا پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس سوال کیا حضرت سے کہ جاگیر

الْمِلْحَ الَّذِيْ بِمَارِبَ فَاَقْطَعَهٗ اِيَّاهُ فَلَمَّا وَلّٰی قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا

کان نمک کی وہ کہ تہی بیچ مارب میں پس جاگیر دی حضرت نے کان نمک اوسکو پس جبکہ پہرا ابیض کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ سوا اسکے نہیں کہ

اَقْطَعْتَ لَهُ الْمَآءَ الْعِدَّ قَالَ فَرَجَعَهٗ مِنْهُ قَالَ وَسَاَلَهٗ مَاذَا يُحْمٰی مِنَ الْاَرَاكِ

دیا آپ نے اوسکو پانی تیار کہا راویت کرنیوالے ابیض نے پس پہیر لیا حضرت نے اوسکو ابیض سے کہا راوی نے اور سوال کیا اوس شخص نے

قَالَ مَا لَمْ تَنَلْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ

فرمایا وہ کہ نہ پہنچیں اوسکو پاؤں اونٹوں کے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُوْنَ شُرَكَآءُ فِیْ

اور روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سب مسلمان شریک ہیں

ثلٰثٍ فِي الْمَاءِ وَالْكَلَاءِ وَالنَّارِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَسْمَرَ بْنِ مُضَرِّسٍ

تین چیز وں مین لئے پانی اور گہانس اور آگ مین نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے - اور روایت ہے اسمر بن مضرس سے

قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهُ فَقَالَ مَنْ سَبَقَ إِلَى مَا لَمْ يَسْبِقْهُ إِلَيْهِ

کہ کہا آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس بیعت کی مینے حضرت سے پس فرمایا جو شخص کہ سبقت کرے طرف اوس چیز کے کہ نہ پہنچا

مُسْلِمٌ فَهُوَ لَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ طَاوُسٍ مُرْسَلًا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

کوئی مسلمان پس وہ واسطے اوسکے ہے نقل کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے طاوس سے بطریق ارسال کے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحْيَا مَوَاتًا مِنَ الْأَرْضِ فَهُوَ لَهُ وَعَادِيُّ الْأَرْضِ لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ

علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ آباد کرے زمین خراب کو پس وہ واسطے اوسکے ہے اور پرانی قدیم زمین واسطے اللہ کے اور رسول اوسکے

ثُمَّ هِيَ لَكُمْ مِنِّي رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَرُوِيَ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پہر واسطے تمہارے ہے میری طرف سے نقل کی یہ شافعی نے اور روایت کی گئی شرح السنہ میں یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

أَقْطَعَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ الدُّورَ بِالْمَدِينَةِ وَهِيَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ عِمَارَةِ

دیے واسطے عبد اللہ بن مسعود کے گہر مدینہ میں اور وہ گہر تھے درمیان آبادی

الْأَنْصَارِ مِنَ الْمَنَازِلِ وَالنَّخْلِ فَقَالَ بَنُو عَبْدِ بْنِ زُهْرَةَ نَكِّبْ عَنَّا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ

انصار کے (یعنے درمیان مکانون اور کہجوروں انکی کے) پس کہا بیٹوں عبد بن زہرہ کے نے کہ دور رکہو ہمسے غلام عبد کے بیٹے کو

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلِمَ ابْتَعَثَنِيَ اللّٰهُ إِذًا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُقَدِّسُ

پس فرمایا واسطے اونکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کیون بہیجا ہے مجکو اللہ نے اسوقت تحقیق اللہ تعالی نہیں پاک کرتا

أُمَّةً لَا يُؤْخَذُ لِلضَّعِيفِ فِيهِمْ حَقُّهُ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ

اوس امت کو کہ نہ لیا جاوے واسطے ضعیف کے اونمین حق اوسکا - اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے

جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي السَّيْلِ الْمَهْزُورِ أَنْ يُمْسَكَ حَتَّى

اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بیچ پانی مہزور کے کہ یہ کہ بند کیا جاوے یہان تک کہ

يَبْلُغَ الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ يُرْسَلَ الْأَعْلَى عَلَى الْأَسْفَلِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ

پہنچے ٹخنون تک کہ پہر چہوڑدے اوپر والا نیچے والے پر نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّهُ كَانَتْ لَهُ عَضُدٌ مِنْ نَخْلٍ فِي حَائِطِ

اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے یہ کہ تہا واسطے اوسکے کتنے ایک درخت کہجوروں کے بیچ باغ

رجل من الانصار ومع الرجل اهله فكان سمرة يدخل عليه فيتاذى

ایک شخص کے انصاریین سے اور ساتھ اوس شخص کے اہل اوسکے تھے پس تھے سمرہ کہ آتے تھے باغمین پس ایذا پاتا تھا انصاری

به فاتى النبى صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فطلب اليه النبى صلى الله عليه وسلم

بسبب آنے کے پھر آیا انصاری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا یہ روبرو حضرت کے پس بلایا سمرہ کو حضرت نے اپنے پاس

ان يبيعه فابى فطلب ان يناقله فابى قال فهبه له ولك كذا امرا

کہ ہاتھ بیچے انصاری کے تو نہ مانا پھر آپنے چاہا کہ عوض بدل مین دیدیوے اسکو تو نہ مانا فرمایا تو بخشدے یہ درخت اسکو اور تجکو اسقدر ثواب ہے یہ کام تھا

رغبه فيه فابى فقال انت مضار فقال للانصارى اذهب فاقطع

رغبت دلائی اسکی پس نہ مانا سمرہ نے پھر فرمایا حضرت نے سمرہ کو تو ضرر پہنچانیوالا ہے پس فرمایا انصاری کو جا اور کاٹ ڈال

نخله رواه ابوداود وذكر حديث جابر من احيى ارضا فى باب الغصب

اوسکی درخت کھجور کو نقل کی یہ ابوداود نے اور ذکر کی گئی حدیث جابر کی کہ ابتدا اوسکا یہ ہے من احیی ارضا باب غصب کے مین

برواية سعيد بن زيد وسنذكر حديث ابى صرمة من ضار اضر

ساتھ روایت سعید بن زید کے اور ذکر کرینگے ہم حدیث ابی صرمہ کی کہ ابتدا اوسکا یہ ہے من ضار اضر

الله به فى باب ما ينهى من التهاجر الفصل الثالث عن عائشة

الله به بیچ باب ماینہی من التہاجر کے فصل تیسری روایت ہے عائشہ سے

انها قالت يا رسول الله ما الشئ الذى لا يحل منعه قال الماء والملح

یہ کہ اونہوں نے کہا یا رسول اللہ کیا چیز ہے کہ نہین درست ہے نہ دینا اوسکا فرمایا پانی اور نمک

والنار قالت قلت يا رسول الله هذا الماء قد عرفناه فما بال الملح و

اور آگ کہا حضرت عائشہ نے کہا مینے یا رسول اللہ یہ پانی تحقیق جانا ہمنے اوسکو پس کیا ہے حال نمک اور

النار قال يا حميراء من اعطى نارا فكانما تصدق بجميع ما انضجت

آگ کا فرمایا اے حمیرا جو شخص کہ دیوے آگ کسیکو پس گویا کہ تصدق کیا تمام اوس چیز کو کہ پکایا

تلك النار ومن اعطى ملحا فكانما تصدق بجميع ما طيبت تلك الملح

اوس آگ نے اور جس شخص نے دیا نمک پس گویا کہ تصدق کیا تمام اوس چیز کو کہ اچھا کردیا اوس نمک نے

ومن سقى مسلما شربة من ماء حيث يوجد الماء فكانما اعتق رقبة

اور جسنے پانی پلایا مسلمان کو ایکبار پلانا اوس جگہ کہ پایا جاتا ہے پانی پس گویا کہ آزاد کیا ایک بردہ

وَمَنْ سَقَى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ حَيْثُ لَا يُوجَدُ الْمَاءُ فَكَأَنَّمَا أَحْيَاهَا

اور جسنے پلایا کسی مسلمان کو پانی ایکبار پلانا جہانکہ نہین پایا جاتا پانی پس گویا کہ زندہ کیا اوسکو

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

بَابُ الْعَطَايَا

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنِ ابْنِ عُمَرَ

نقل کی یہ ابن ماجہ نے - باب ہے بیچ بیان بخششون کے فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہ

أَنَّ عُمَرَ أَصَابَ أَرْضًا بِخَيْبَرَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَصَبْتُ

حضرت عمر نے پائی ایک زمین خیبر مین پس آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ تحقیق مین پائی ہے

أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالًا قَطُّ أَنْفَسَ عِنْدِي مِنْهُ فَمَا تَأْمُرُنِي بِهِ قَالَ إِنْ

ایک زمین خیبر مین کہ نہین پایا مینے کوئی مال کبھی کہ بہت نفیس ہو نزدیک میرے اوس مین سے پس کیا حکم کرتے ہو مجھکو اوسمین

شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ أَنَّهُ لَا

چاہے تو وقف کر اصل اوس زمین کا اور تصدق کر حاصل اوسکا پس تصدق کیا اوس زمین کو حضرت عمر نے اس شرط پر کہ

يُبَاعُ أَصْلُهَا وَلَا يُوهَبُ وَلَا يُورَثُ وَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَفِي

نہ بیچی جاوے اصل اوسکی اور نہ ہبہ کیجاوے اور نہ میراث کیجاوے اور تصدق کیا حاصل اوسکا فقیرون مین اور

الْقُرْبَى وَفِي الرِّقَابِ وَفِي سَبِيلِ اللهِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلَى

قرابتیون مین اور بیچ غلام آزاد کرنے بردون کے اور بیچ راہ خدا کے اور بیچ مسافرون کے اور بیچ مہمانون کے نہین گناہ

مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوفِ أَوْ يُطْعِمَ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ قَالَ ابْنُ سِيرِينَ

اوس شخص پر کہ متولی ہو اوس زمین کا یہ کہ کھاوے اوسمین سے موافق عرف کے یا کھلاوے اوسحالت مین کہ نہ جمع کرنیوالا ہو مال کو کہا ابن سیرین نے

غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

کہ نہ جمع کرنیوالا ہو مال متفق علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

الْعُمْرَى جَائِزَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْعُمْرَى

عمری ہے جائز ہے متفق علیہ - اور روایت ہے جابر سے کہ اوسنے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحقیق عمری

مِيرَاثٌ لِأَهْلِهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میراث ہوتا ہے واسطے اہل اوسکے کے نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

أَيُّمَا رَجُلٍ أُعْمِرَ عُمْرَى لَهُ وَلِعَقِبِهِ فَإِنَّهَا لِلَّذِي أُعْطِيَهَا لَا تَرْجِعُ إِلَى الَّذِي

جو شخص کہ کیا گیا عمری واسطے اوسکے اور واسطے وارثون اوسکے پس تحقیق وہ عمری واسطے اوس شخص کے ہے کہ دیا گیا عمری اوسکو نہین پھرتا

أَعْطَاهَا لِأَنَّهُ أَعْطَى عَطَاءً وَقَعَتْ فِيهِ الْمَوَارِيثُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

دینے والے کے اسواسطے کہ دینے والے نے دیا دینا کہ واقع ہوئی ہے اسمین میراث متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے

قَالَ إِنَّمَا الْعُمْرَى الَّتِي أَجَازَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقُولَ هِيَ لَكَ وَلِعَقِبِكَ

کہ کہا نہیں ہے عمری کہ جائز رکہا اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مگر یہ کہ کہے مالک کہ یہ عمری تیرے لیے ہے اور تیرے وارثون

فَأَمَّا إِذَا قَالَ هِيَ لَكَ مَا عِشْتَ فَإِنَّهَا تَرْجِعُ إِلَى صَاحِبِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

پس جس وقت کہ مطلق کہے کہ یہ عمری تیرے لیے ہے جب تک کہ جیتا رہے تو پس تحقیق وہ عمری پہر آتا ہے طرف دینے والے کی متفق علیہ

الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُرْقِبُوا وَلَا

فصل دوسری روایت ہے جابر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ رقبی کرو اور نہ

تُعْمِرُوا فَمَنْ أُرْقِبَ شَيْئًا أَوْ أُعْمِرَ فَهِيَ لِوَرَثَتِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْهُ

عمری پس جو کہ رقبے کیا گیا کچہ یا عمری کیا گیا پس وہ عمری اور رقبی واسطے وارثون اوسکے ہے نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے اسی سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا وَالرُّقْبَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا رَوَاهُ

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا عمری جائز ہے واسطے عمرے والون کے اور رقبی جائز ہے واسطے رقبے والون کے نقل کی یہ

أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ

احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے۔ فصل تیسری روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسِكُوا أَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ لَا تُفْسِدُوهَا فَإِنَّهُ مَنْ أَعْمَرَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رکہو تم اپنے مالون کو اپنے پاس نہ خراب کرو اونکو پس تحقیق شان یہ ہے جو شخص کہ دیا

عُمْرَى فَهِيَ لِلَّذِي أُعْمِرَ حَيًّا وَمَيِّتًا وَلِعَقِبِهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ بَابٌ الْفَصْلُ

بطریق عمرے کے پس وہ عمری واسطے اوس شخص کے ہے کہ عمری کیا گیا واسطے اوسکے حالت زندگی مین اور حالت موت مین اور واسطے اولاد اوسکی کے نقل کی یہ

الْأَوَّلُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ

پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دیا جاوے

رَيْحَانٌ فَلَا يَرُدَّهُ فَإِنَّهُ خَفِيفُ الْمَحْمِلِ طَيِّبُ الرِّيحِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

پہول خوشبودار پس نہ پہیرے اوسکو اسلیے کہ وہ سبکبار ہے اور اچہی ہے بو اوسکی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيبَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہین پہیرتے تہے خوشبو کو نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے

ف۱ مانند کتے کے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دیکر ہبہ پھیر لینا نہایت کمینہ پن اور دناءت اور خست ہے اور مروت کے خلاف ہے اور اکثر علماء رجوع کو حرام کہتے ہیں ہبہ میں مگر باپ کو رجوع جائز ہے اس ہبہ میں جو اپنی اولاد کو ہبہ کرے اور نعمان بن بشیر کی حدیث آئندہ اور اسی باب کے فصل ثانی کی حدیث اول و دوم میں اسکا صاف بیان ہے ۔ ف۲ یعنی نہیں ہے ۔ ف۳ یعنی ایسا مت کر کہ ایک بیٹے کو دی اور اوروں کو محروم رکھے جب ایسا کرے گا تو اور بیٹوں کے دلمیں بغض پیدا ہوگا اور وہ برے ہو کر تیرے ساتھ بھلائی نہ کرینگے ۔ ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولاد کو کم و بیش دینا ظلم ہے اور جسنے ایسا کیا تو رجوع کرے طاؤس اور

ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العائد في هبته كالكلب يعود في

ابن عباس سے ہے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پھیر نیوالا اپنے ہبہ میں مانند ملعون کتے کے ہے کہ چاٹتا ہے

قيئه ليس لنا مثل السوء رواه البخاري وعن النعمان بن بشير ان اباه

قے اپنی نہیں لائق ہمکو مثل بری نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے یہ کہ باپ اوسکا

اتى به الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اني نحلت ابني هذا غلاما فقال اكل

لایا اوسکو طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق بخشا میں نے اس بیٹے اپنے کو ایک غلام پس فرمایا حضرتؐ نے کیا

ولدك نحلت مثله قال لا قال فارجعه وفي رواية انه قال ايسرك ان

اپنے سب فرزندوں کو دیا ہے تو نے مانند اس بیٹے کی کہا کہ نہیں فرمایا پس پھیر لے اوسکو اور ایک روایت میں ہے یہ کہ فرمایا حضرتؐ نے کیا خوش کرتا ہے تجکو

يكونوا اليك في البر سواء قال بلى قال فلا اذا وفي رواية انه قال اعطاني

ہوویں سب فرزند طرف تیری نیکی کرنے میں برابر کہا ہاں فرمایا پس نہیں ہے سو وقت اور ایک روایت میں ہے کہ نعمان نے کہا کہ دی مجکو

ابي عطية فقالت عمرة بنت رواحة لا ارضى حتى تشهد رسول الله صلى

باپ میرے نے ایک چیز پس کہا عمرہ بیٹی رواحہ کی نے کہ بیوی تھی بشیر کی نہیں راضی ہوتی میں یہانتک کہ گواہ کرے تو رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم فاتى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اني اعطيت ابني من عمرة بنت رواحة

علیہ وسلم کو پس آیا بشیر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ تحقیق دی میں نے اپنے بیٹے کو کہ عمرہ بنت رواحہ سے ہے

عطية فامرتني ان اشهدك يا رسول الله قال اعطيت سائر ولدك مثل

ایک چیز پس کہا مجکو عمرہ نے یہ کہ گواہ کروں میں آپکو یا رسول اللہ فرمایا حضرتؐ نے کہ دیا تو نے اپنے ساری فرزندوں کو مانند

هذا قال لا قال فاتقوا الله واعدلوا بين اولادكم قال فرجع فرد عطيته

اس بیٹے کے کہا کہ نہیں فرمایا حضرتؐ نے پس ڈرو اللہ سے اور انصاف کرو درمیان اولاد اپنی کے کہا نعمان نے پس پھر آیا بشیر اور پھیر لی

وفي رواية انه قال لا اشهد على جور متفق عليه الفصل الثاني

اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا حضرتؐ نے نہیں گواہ ہوتا میں ظلم پر ۔ متفق علیہ ۔ فصل دوسری

عن عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يرجع احد

روایت ہے عبد اللہ بن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ رجوع کرے کوئی

في هبته الا الوالد من ولده رواه النسائي وابن ماجة وعن ابن عمر و

ہبہ اپنے میں مگر باپ بیٹے اپنے سے نقل کی یہ نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عمرؓ اور

ابنِ عباسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ یُّعْطِیَ عَطِیَّۃً ثُمَّ یَرْجِعَ

ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں حلال واسطے آدمی کے یہ کہ دیوے کچھ پھر رجوع کرے

فِیْھَا اِلَّا الْوَالِدُ فِیْمَا یُعْطِیْ وَلَدَہٗ وَمَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِی الْعَطِیَّۃَ ثُمَّ یَرْجِعُ

اوسمین مگر واسطے باپ کو رجوع کرنا درست ہے اوس چیز مین کہ دے بیٹے اپنے کو اور مثل اوس شخص کی کہ دیتا ہے کچھ پھر رجوع کرتا ہے

فِیْھَا کَمَثَلِ الْکَلْبِ اَکَلَ حَتّٰی اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فِیْ قَیْئِہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ

اوسمین مانند مثل کتے کی ہے کہ کھایا یہانتک کہ جس وقت پیٹ بھر گیا قے کر ڈالے پھر چاٹنے لگا اپنی قے نقل کی یہ ابو داؤد

وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَصَحَّحَہُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور صحیح کیا ہے اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

اَنَّ اَعْرَابِیًّا اَھْدٰی لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَکْرَۃً فَعَوَّضَہٗ مِنْھَا سِتَّ بَکَرَاتٍ

یہ کہ ایک گنوار تحفہ لایا واسطے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک اونٹنی جوان پس بدلے اوس اونٹنی کے دین حضرت نے

فَتَسَخَّطَ فَبَلَغَ ذٰلِکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَاَثْنٰی عَلَیْہِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ

پھر بھی خفا رہا وہ گنوار پس پہنچی یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس حمد کی اللہ کی اور ثنا کی اوسپر پھر فرمایا کہ تحقیق

فُلَانًا اَھْدٰی اِلَیَّ نَاقَۃً فَعَوَّضْتُہٗ مِنْھَا سِتَّ بَکَرَاتٍ فَظَلَّ سَاخِطًا لَقَدْ

فلانا شخص تحفہ لایا تھا طرف میری ایک اونٹنی پس اوسکے بدلے مین دین مینے اوسکو چھہ اونٹنیان جوان پھر بھی وہ خفا رہا تحقیق

ھَمَمْتُ اَنْ لَّا اَقْبَلَ ھَدِیَّۃً اِلَّا مِنْ قُرَشِیٍّ اَوْ اَنْصَارِیٍّ اَوْ ثَقَفِیٍّ اَوْ دَوْسِیٍّ

قصد کیا مینے یہ کہ نہ قبول کرون مین کوئی تحفہ مگر قریشی کا یا انصاری کا یا ثقفی کا یا دوسی کا

رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ مَنْ اُعْطِیَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْیَجْزِ بِہٖ وَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَلْیُثْنِ فَاِنَّ مَنْ اَثْنٰی

فرمایا جو شخص کہ دیا جاوے کوئی چیز پس پاوے مقدور بدلے کا پس چاہیے کہ بدلہ دے اوسکا اور جو شخص کہ نہ پاوے مقدور پس چاہیے کہ تعریف کرے

فَقَدْ شَکَرَ وَمَنْ کَتَمَ فَقَدْ کَفَرَ وَمَنْ تَحَلّٰی بِمَا لَمْ یُعْطَ کَانَ کَلَابِسِ ثَوْبَیْ

پس تحقیق شکر ادا کیا اور جسنے چھپایا احسان کسیکا پس تحقیق کفران نعمت کیا اور جو شخص کہ آراستہ کرے اپنے کو ساتھ اوس چیز کے کہ نہیں دیا گیا

زُوْرٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

جھوٹ کے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ کہا فرمایا رسول

فضیلت کرتی ہین تو محبت کہان اور عداوت پیدا کی ۱۲

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صُنِعَ اِلَیْہِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِہٖ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا فَقَدْ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کیا جاوے طرف اوسکے احسان پس کہے واسطے احسان کرنیوالے کے کہ بدلے دے تجکو اللہ تعالی بہتر پس تحقیق

اَبْلَغَ فِی الثَّنَاءِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

سلہ بہت کامل کی اوسنے تعریف نقل کی ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ

صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہین شکر کرتا ہے لوگون کا نہین شکر کرتا ہے اللہ تعالی کا نقل کی یہ احمد اور ترمذی نے ۔

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ اَتَاہُ الْمُهٰجِرُوْنَ

اور روایت ہے انس سے کہ کہا جب آئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین حاضر ہوئے حضرت کے پاس مہاجر

فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا رَاَیْنَا قَوْمًا اَبْذَلَ مِنْ کَثِیْرٍ وَّلَا اَحْسَنَ مُوَاسَاةً

اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ نہین دیکھا ہمنے کسی قوم کو بہت خرچ کرنیوالا مال بہت سے اور نہ نیک تر مدد کرنے مین

مِنْ قَلِیْلٍ مِّنْ قَوْمٍ نَزَلْنَا بَیْنَ اَظْهُرِهِمْ لَقَدْ کَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ وَاَشْرَکُوْنَا فِی

مال تہوڑے سے اوس قوم سے کہ اوترے ہم درمیان اونکے تحقیق کفایت کیا ہمکو محنت سے اور شریک کیا ہمکو

الْمَهْنَاِ حَتّٰی لَقَدْ خِفْنَا اَنْ یَّذْهَبُوْا بِالْاَجْرِ کُلِّہٖ فَقَالَ لَا مَا دَعَوْتُمُ اللّٰہَ

منفعت مین یہان تک کہ تحقیق ڈرے ہم یہ کہ لیجاوین وہ تمام ثواب سلہ پس فرمایا نہین جب تک کہ دعا کروگے تم اللہ سے

لَهُمْ وَاَثْنَیْتُمْ عَلَیْهِمْ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَہٗ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ

اونکے لیے اور تعریف کروگے تم اونپر نقل کی یہ ترمذی نے اور صحیح کیا اس حدیث کو ۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ نقل کی نبی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِیَّةَ تُذْهِبُ الضَّغَائِنَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحفہ بہیجا کرو آپسمین اس لیے کہ تحفہ بہیجنا دور کرتا ہے کینون کو سلہ نقل کی یہ ترمذی نے ۔

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِیَّةَ تُذْهِبُ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحفہ بہیجا کرو آپسمین اسلیے کہ تحفہ دور کرتا ہے

وَحَرَ الصَّدْرِ وَلَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ رَوَاہُ

کدورت سینے کی اور نہ حقیر جانے ہمسائے واسطے ہمسائی اپنی کے سلہ اگرچہ ایک ٹکڑا بکری کے کھر کا بہیجے نقل کی یہ

التِّرْمِذِیُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَا تُرَدُّ

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزین ہین کہ نہ پہیر جاوین

الوسائد والدهن واللبن رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب قيل

تکیہ اور تیل اور دودھ نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے کہا گیا کہ

اراد بالدهن الطيب وعن ابي عثمان النهدي قال قال رسول الله

ارادہ کی حضرت نے ساتھ تیل کی خوشبوئی۔ اور روایت ہے ابی عثمان نہدی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم اذا اعطي احدكم الريحان فلا يرده فانه خرج من الجنة رواه

صلے اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ دیا جاوے ایک تمہارا پہول خوشبودار پس نہ پہیرے اوسکو اسلیے کہ تحقیق وہ نکلا ہی بہشت سے نقل کی یہ

الترمذي مرسلا الفصل الثالث عن جابر قال قالت امرأة

ترمذی نے بطریق ارسال کے فصل تیسری روایت ہے جابر سے کہ کہا کہا عورت بشیر کی نے

بشير انحل ابني غلامك واشهد لي رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتى رسول

بشیر کو کہ بخش تو بیٹے میرے کو اپنا غلام اور گواہ کر واسطے میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پس آیا بشیر رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقال ان ابنة فلان سألتني ان انحل ابنها غلامي

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ تحقیق بیٹی فلانے کی نے سوال کیا مجہ سے یہ کہ بخشوں میں اوسکی بیٹے کو غلام اپنا

وقالت اشهد لي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اله اخوة قال نعم قال افكلهم

اور کہا کہ گواہ کر واسطے میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پس فرمایا حضرت نے کیا ہیں واسطے اوس بیٹے کے بھائی کہا ہاں فرمایا کیا سب کو

اعطيتهم مثل ما اعطيته قال لا قال فليس يصلح هذا واني لا اشهد

دیا ہے تو نے مانند اوس چیز کے کہ دیا تو نے اس بیٹے کو کہا کہ نہیں فرمایا پس نہیں لائق ہے یہ اور تحقیق میں نہیں گواہ ہوتا

الا على حق رواه مسلم وعن ابي هريرة قال رايت رسول الله صلى

مگر حق پر نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم اذا اتي بباكورة الفاكهة وضعها على عينيه وعلى شفتيه

علیہ وسلم کو اوسوقت کہ دیے گئے نیا پہل رکہا اوسکو اپنی آنکہوں پر اور اپنے ہونٹوں پر

وقال اللهم كما اريتنا اوله فارنا اخره ثم يعطيها من يكون عنده

اور کہا یا الٰہی جیسا کہ دکہایا تو نے ہمکو اول اسکا پس دکہا ہمکو آخر اسکا پہر دیتے میوہ اوسکو کہ ہوتا پاس حضرت کے

من الصبيان رواه البيهقي في الدعوات الكبير باب اللقطة

لڑکوں میں سے نقل کی یہ بیہقی نے دعوات کبیر میں۔ باب ہے بیچ بیان لقطہ کے

اللهم اغفر لكاتبه ولمن سعى فيه آمين

الفصل الاول عن زيد بن خالد قال جاء رجل الى رسول الله

فصل پہلی روایت ہے زید بیٹے خالد کے سے کہا آیا ایک شخص رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فسأله عن اللقطة فقال اعرف عفاصها ووكاءها ثم

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا حضرت سے احوال لقطہ کا پس فرمایا پہچان رکھ ظرف اوسکا اور پہچان رکھ بندھن اوسکا پھر

عرفها سنة فان جاء صاحبها والا فشأنك بها قال فضالة الغنم

تعریف کر اوسکی ایک برس پس اگر آوے مالک اوسکا دیدے اوسکو ورنہ تجھے اختیار ہے کہا اوس شخص نے پس گم ہوئی بکری کیا حکم ہے

قال هي لك او لاخيك او للذئب قال فضالة الابل قال ما لك

فرمایا کہ وہ واسطے تیرے ہے یا واسطے بھائی تیرے کے یا واسطے بھیڑیئے کے کہا اوس نے پس گم ہوا اونٹ کیا حکم ہے فرمایا کیا کام ہے تجھ

ولها معها سقاؤها وحذاؤها ترد الماء وتأكل الشجر حتى يلقاها

اوس سے ساتھ اوسکے ہے مشک اوسکی اور جوتے ہیں اوسکے وارد ہوتا ہے پانی پر اور کھاتا ہے درخت میں سے یہاں تک کہ ملے اوس سے

ربها متفق عليه وفي رواية لمسلم فقال عرفها سنة ثم اعرف

مالک اوسکا متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی میں یون ہے کہ فرمایا حضرت نے تعریف کر اوسکی ایک برس تک پھر پہچان رکھ

وكاءها وعفاصها ثم استنفق بها فان جاء ربها فادها اليه وعنه

بندھن اوسکا اور ظرف اوسکا پھر خرچ کر اوسکو پس اگر آیا مالک اوسکا پس دیدے اوسکو اور روایت ہے اوسی سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من آوى ضالة فهو ضال ما لم يعرفها

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ٹھکانا دے بھٹکے جانور کو پس وہ گمراہ ہے جب تک کہ نہ تعریف

رواه مسلم وعن عبد الرحمن بن عثمان التيمي ان رسول الله صلى

نقل کی یہ مسلم نے اور روایت ہے عبد الرحمن بن عثمان تیمی سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ

الله عليه وسلم نهى عن لقطة الحاج رواه مسلم

علیہ وسلم نے منع کیا حاجیوں کے لقطہ لینے سے نقل کی یہ مسلم نے

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه سئل

روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ

عن التمر المعلق فقال من اصاب منه من ذي حاجة غير متخذ

سے پوچھا گیا لٹکتے ہوئے میوے سے پس فرمایا حضرت نے کہ جو شخص پہنچے اوس سے حاجتمند الا اسکا لینے کہ نہ بہر لے

خُبْنَةً فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَمَنْ خَرَجَ بِشَيْءٍ مِّنْهُ فَعَلَيْهِ غَرَامَةُ مِثْلَيْهِ وَالْعُقُوبَةُ

جیو لیکر پس نہین کچھ گناہ اوسپر اور جو شخص کہ نکالے کچھ میوہ سے پس اوسپر بدلا ہے دو مثل اوسکے اور سزا

وَمَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ أَنْ يُؤْوِيَهُ الْجَرِينُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ

اور جو شخص کہ چراوے میوہ مین سے کچھ بعد اسکے کہ ٹھکانا دیا ہو اوسکو کھلیان نے پس پہنچے مول سپر کے مول کو پس اوسپر ہاتھ کاٹنا

وَذَكَرَ فِي ضَالَّةِ الْإِبِلِ وَالْغَنَمِ كَمَا ذَكَرَ غَيْرُهُ قَالَ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ

اور ذکر کیا راوی نے بیچ گم ہوئی اونٹ اور بکری کے جیسا ذکر کیا اور راوی نے کہا راوی نے اور سوال کیے گئے حضرت حکم لقطہ کے سے پس فرمایا

مَا كَانَ مِنْهَا فِي الطَّرِيقِ الْمِيتَاءِ وَالْقَرْيَةِ الْجَامِعَةِ فَعَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ

کہ جو لقطہ ہو بیچ راہ آمد و رفت کے اور گانون آباد کے کہ لوگ وہان رہتے ہون پس تعریف کر اوسکو برس بھر تک

جَاءَ صَاحِبُهَا فَادْفَعْهَا إِلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَأْتِ فَهُوَ لَكَ وَمَا كَانَ فِي الْخَرَابِ

آوے مالک اوسکا حوالہ کر لقطہ کو طرف اوسکے اور اگر نہ آیا پس وہ واسطے تیرے ہے اور وہ لقطہ کہ ہو بیچ ویرانہ

الْعَادِي فَفِيهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ عَنْهُ

قدیم کے پس اوسمین اور مال گڑے ہوئے مین پانچوان حصہ خدا کی راہ مین ہے نقل کی یہ نسائی نے اور روایت کی ابو داؤد نے

مِنْ قَوْلِهِ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ إِلَى آخِرِهِ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ

قول اوسکے سے وسئل عن اللقطہ آخر تک۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے یہ کہ

عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَجَدَ دِينَارًا فَأَتَى بِهِ فَاطِمَةَ فَسَأَلَ عَنْهُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى

علی بن ابی طالب رضنے پایا ایک دینار پس لائے اوسکو حضرت علی رضہ فاطمہ رضہ کے پاس پھر پوچھا حضرت علی نے حکم اسکا

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا رِزْقُ اللهِ فَأَكَلَ مِنْهُ رَسُولُ اللهِ

علیہ وسلم سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ رزق ہے اللہ کا پس کھایا اوس سے رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكَلَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ أَتَتِ امْرَأَةٌ تَنْشُدُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے اور کہایا علی اور فاطمہ رضنے پس جبکہ ہوا بعد اسکے آئی ایک عورت ڈھونڈتی ہوئی

الدِّينَارَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ أَدِّ الدِّينَارَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

دینار کو پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے علی دے تو دینار نقل کی یہ ابو داؤد نے۔

وَعَنِ الْجَارُودِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ

اور روایت ہے جارود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گم ہوئی چیز مسلمان کی شعلہ ہے

النار رواه الدارمي وعن عياض بن حمار قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من وجد

آگ کا نقل کی یہ دارمی نے۔ اور روایت ہے عیاض بن حمار سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پاوے

لقطة فليشهد ذا عدل او ذوى عدل ولا يكتم ولا يغيب فان وجد

لقطہ پس چاہیے کہ گواہ کرے صاحب عدل کو یا کہا دو صاحب عدل کو اور نہ چھپاوے لقطہ کو اور نہ غائب کر ڈالے اوسکو پھر اگر پاوے

صاحبها فليردها عليه والا فهو مال الله يؤتيه من يشاء رواه احمد

اوسکے مالک کو پس پھیر دے لقطہ کو مالک پر اور اگر نہ پایا مالک کو پس وہ مال ہے اللہ کا دیتا ہے وہ جسکو چاہتا ہے نقل کی یہ احمد

وابوداود والدارمي وعن جابر قال رخص لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور ابوداود اور دارمی نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا رخصت دی ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

في العصا والسوط والحبل واشباهه يلتقطه الرجل ينتفع به رواه

لاٹھی میں اور کوڑے میں اور رسی میں اور مانند انکی میں اوٹھا لیوے اوسکو آدمی کہ فائدہ لے اوس سے نقل کی یہ

ابوداود وذكر حديث المقدام بن معد يكرب الا لا يحل في باب

ابوداود نے اور ذکر کی گئی حدیث مقدام بن معدیکرب کی کہ سرا اوسکا یہ ہے الا لا یحل بیچ باب

الاعتصام باب الفرائض الفصل الاول عن ابي هريرة

الاعتصام بالکتاب والسنۃ کے۔ باب یہ بیچ بیان فرائض کے۔ فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال انا اولى بالمؤمنين من انفسهم فمن مات

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا میں نزدیک تر ہوں ساتھ مسلمانوں کے جانوں اونکی سے پس جو شخص کہ مرے

وعليه دين ولم يترك وفاء فعلي قضاؤه ومن ترك مالا فلورثته

اور اوسپر ہو دین اور نہ چھوڑ گیا ہو اتنا مال کہ دین ادا ہو سکے پس مجھ پر ہے ادا کرنا اوسکے دین کا اور جو شخص کہ چھوڑ جاوے مال پس وہ واسطے

وفي رواية من ترك دينا او ضياعا فليأتني فانا مولاه وفي رواية من

اور ایک روایت میں ہے کہ جو شخص چھوڑ جاوے قرض یا عیال پس آوے میرے پاس پس میں ہوں کارساز اوسکا اور ایک روایت میں ہے کہ جو شخص

ترك مالا فلورثته ومن ترك كلا فالينا متفق عليه وعن ابن عباس

چھوڑ جاوے مال پس اوسکے وارثوں کے لیے ہے اور جو شخص کہ چھوڑ جاوے عیال پس وہ آوے طرف ہماری متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحقوا الفرائض باهلها فما بقي فهو

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو حصے شرع میراث کے حصے داروں کو پھر جو کچھ بچے پس وہ

لِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

واسطے اوس شخص کے ہے کہ بہت نزدیک ہو میت کے مرد ہو نین سے متفق علیہ۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرِثُ الْمُسْلِمُ الْکَافِرَ وَلَا الْکَافِرُ الْمُسْلِمَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اَنَسٍ

صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین وارث ہوتا مسلمان کافر کا اور نہ کافر مسلمان کا متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس سے

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِہِمْ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْہُ

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا مولی قوم کا اوس قوم مین سے ہے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے انس سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِبْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْہُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھانجا قوم کا اونہین مین سے ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور

ذُکِرَ حَدِیْثُ عَائِشَۃَ اِنَّمَا الْوَلَاءُ فِیْ بَابٍ قَبْلَ بَابِ السَّلَمِ وَسَنَذْکُرُ حَدِیْثَ

ذکر کی گئی حدیث حضرت عائشہ کی کہ سرا اوسکا انما الولاء ہے بیچ باب کے کہ پہلی باب سلم سے ہے اور ذکر کرینگے ہم حدیث

الْبَرَاءِ الْخَالَۃُ بِمَنْزِلَۃِ الْاُمِّ فِیْ بَابِ بُلُوْغِ الصَّغِیْرِ وَحِضَانَتِہٖ اِنْ شَاءَ

براء کی کہ سرا اوسکا یہ ہے الخالۃ بمنزلۃ الام بیچ باب بلوغ الصغیر وحضانتہ کے اگر چاہے گا

اللّٰہُ تَعَالٰی اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اللہ تعالی۔ فصل دوسری روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَتَوَارَثُ اَھْلُ مِلَّتَیْنِ شَتّٰی رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین وراثت ہوتی ہے درمیان دو دین والون مختلف کے نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنْ جَابِرٍ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

اور نقل کی ترمذی نے جابر سے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْقَاتِلُ لَا یَرِثُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَعَنْ بُرَیْدَۃَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنیوالا نہین وارث ہوتا نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے بریدہ سے

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْجَدَّۃِ السُّدُسَ اِذَا لَمْ تَکُنْ دُوْنَہَا اُمٌّ رَوَاہُ

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ ٹھیرایا واسطے جدہ کے چھٹا حصہ جسوقت کہ نہو حاجب اوسکو ماں نقل کی یہ

اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَھَلَّ الصَّبِیُّ

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ آواز کرے لڑکا

صُلِّیَ عَلَیْهِ وَوُرِثَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَعَنْ کَثِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

نماز پڑھی جاوے اوسپر سلام اور وارث کیا جاوے نقل کی یہ ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور روایت ہے کثیر بن عبد اللہ سے

عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَ

کہ نقل کی اپنے باپ سے اونھوں نے نقل کی دادا اپنے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مولی قوم کا اونس قوم میں سے ہے اور

حَلِیْفُ الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ وَعَنِ الْمِقْدَامِ

حلیف قوم کا اوس قوم میں سے ہے اور بھانجا قوم کا اوس قوم میں سے ہے نقل کی یہ دارمی نے۔ اور روایت ہے مقدام سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوْلٰی بِکُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ فَمَنْ تَرَکَ دَیْنًا اَوْ ضَیْعَةً فَاِلَیْنَا وَمَنْ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے میں لائق تر ہوں ساتھ ہر مومن کے جان اوسکی سے پس جو شخص کہ چھوڑ جاوے قرض اپنے ذمہ یا عیال

تَرَکَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَاَنَا مَوْلٰی مَنْ لَّا مَوْلٰی لَهٗ اَرِثُ مَالَهٗ وَاَفُکُّ عَانَهٗ وَالْخَالُ وَارِثُ

چھوڑ جاوے مال پس واسطے وارثوں اوسکے ہے اور میں کارساز اوسکا ہوں کہ نہیں کوئی کارساز اوسکا وارث ہوتا ہوں اوسکے مال کا اور

مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ یَرِثُ مَالَهٗ وَیَفُکُّ عَانَهٗ وَفِیْ رِوَایَةٍ وَاَنَا وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ اَعْقِلُ عَنْهُ وَاَرِثُهٗ

اوس شخص کا ہے کہ نہیں کوئی وارث اوسکا وارث ہوتا ہے اوسکے مال کا اور چھڑاتا ہے قید اوسکی کو اور ایک روایت میں ہے کہ میں وارث ہوں اوسکا کہ نہیں کوئی

وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ یَعْقِلُ عَنْهُ وَیَرِثُهٗ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ

اور اونکا وارث ہوں اوسکا کہ نہیں کوئی وارث اوسکا خون بہا بھرتا ہے اوسکی طرف سے اور وارث ہوتا ہے اوسکا نقل کی یہ ابو داود نے اور روایت ہے

وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَحُوْزُ الْمَرْاَةُ ثَلٰثَ مَوَارِیْثَ

واثلہ بن اسقع سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لیتی ہے عورت تین شخصوں کی میراث

عَتِیْقَهَا وَلَقِیْطَهَا وَوَلَدَهَا الَّذِیْ لَاعَنَتْ عَنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ

اپنے آزاد کیے ہوئے کی اور اپنی لقیط پائی ہوئی کی اور بچے اپنے کی کہ اوس لعان کرے اوسپر نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود

وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے یہ کہ پیغمبر خدا صلعم نے

قَالَ اَیُّمَا رَجُلٍ عَاهَرَ بِحُرَّةٍ اَوْ اَمَةٍ فَالْوَلَدُ وَلَدُ زِنًا لَا یَرِثُ وَلَا یُوْرَثُ

فرمایا جو شخص کہ زنا کرے ساتھ عورت آزاد کے یا لونڈی کے پس فرزند کہ پیدا ہوا اوس سے ولد الزنا ہوتا ہے نہ وارث ہوتا ہے وہ اور نہ

رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ مَوْلًی لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَتَرَکَ

نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے یہ کہ غلام آزاد کیا ہوا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا مر گیا اور چھوڑ گیا

شيئاً ولم يدع حميماً ولا ولداً فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطوا ميراثه

کچھ مال اور نہ چھوڑا کوئی ناتیدار اور نہ فرزند پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلہ دو میراث اسکی

رجلاً من اهل قريته رواه ابو داود والترمذي وعن بريدة قال مات

ایک شخص کو اوسکی بستی والوں میں سے نقل کی یہ ابو داؤد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے بریدہ سے کہ کہا مرگیا

رجل من خزاعة فاتي النبي صلى الله عليه وسلم بميراثه فقال التمسوا له وارثا او

ایک شخص خزاعہ میں سے کہ پس لائی گئی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس میراث اوسکی پس فرمایا کہ تلاش کرو واسطے اوسکی وارث کو یا

ذا رحم فلم يجد وارثا ولا ذا رحم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطوه

ذی رحم کو پس نہ پایا اوسکا وارث اور نہ ذی رحم پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ سلہ دو میراث اوسکی

الكبر من خزاعة رواه ابو داود وفي رواية له قال انظروا اكبر رجل

بڑے کو خزاعہ میں سے نقل کی یہ ابو داؤد نے اور ایک روایت ابو داؤد کی میں یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے دیکھو بڑے شخص کو

خزاعة وعن علي قال انكم تقرؤن هذه الاية من بعد وصية توصون

خزاعہ میں سے۔ اور روایت ہے حضرت علی رض سے کہ کہا تحقیق تم پڑھتے ہو اس آیت کو من بعد وصیۃ توصون

بها او دين وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية و

بہا او دین اور تحقیق پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ساتھ ادا کرنے دین کے پہلے وصیت کے اور

ان اعيان بني الام يتوارثون دون بني العلات الرجل يرث اخاه لابيه

حکم کیا حضرت نے کہ حقیقی بھائی وارث ہوتے ہیں نہ سوتیلے آدمی وارث ہوتا ہے اپنے سگے بھائی کا

وامه دون اخيه لابيه رواه الترمذي وابن ماجة وفي رواية الدارمي

نہ سوتیلے بھائی کا نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت دارمی کی میں یوں ہے

قال الاخوة من الام يتوارثون دون بني العلات

کہ فرمایا حضرت علی رض نے سگے بھائی وارث ہوتے ہیں نہ سوتیلے

الى اخره وعن جابر قال جاءت امرأة سعد

تا آخر حدیث کہ مذکور ہوئی۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا لائی عورت سعد

ابن الربيع بابنتيها من سعد بن الربيع الى رسول

بن ربیع کی اپنی دونوں بیٹیوں کو کہ سعد بن ربیع سے تہیں پاس رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ هَاتَانِ ابْنَتَا سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ یہ دو نو بیٹیاں سعد بن ربیع کی ہیں

قُتِلَ أَبُوهُمَا مَعَكَ يَوْمَ أُحُدٍ شَهِيدًا وَإِنَّ عَمَّهُمَا أَخَذَ مَالَهُمَا وَلَمْ يَدَعْ

مارا گیا باپ انکا آپکے ساتھ دن احد کے شہید اور تحقیق چچا انکے نے لیا مال انکا اور نہ چھوڑا

لَهُمَا مَالًا وَلَا تُنْكَحَانِ إِلَّا وَلَهُمَا مَالٌ قَالَ يَقْضِي اللهُ فِي ذَلِكَ فَنَزَلَتْ

انکے لیے مال اور نکاح نہیں کیجاتیں یہ مگر اسوقت کہ ہووے ساتھ انکے مال فرمایا حضرت نے حکم کریگا اللہ تعالی بیچ مقدمہ انکے پس اتری

آيَةُ الْمِيرَاثِ فَبَعَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَمِّهِمَا فَقَالَ أَعْطِ لِابْنَتَيْ سَعْدٍ

آیت میراث کی پس بھیجا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کسیکو انکے چچا کے پاس اور فرمایا کہ دے سعد کی دو نو بیٹیوں کو

الثُّلُثَيْنِ وَأَعْطِ أُمَّهُمَا الثُّمُنَ وَمَا بَقِيَ فَهُوَ لَكَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

دو تہائی اور دے لڑکیوں کی ماں کو آٹھواں حصہ اور جو کچھ کہ بچ رہے پس واسطے تیرے ہے نقل کی یہ احمد اور ترمذی

وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَعَنْ

اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت ہے

هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ سُئِلَ أَبُو مُوسَى عَنِ ابْنَةٍ وَبِنْتِ ابْنٍ وَأُخْتٍ فَقَالَ

ہزیل بیٹے شرحبیل کے سے کہ کہا سوال کئے گیے ابو موسی اس مسئلہ سے کہ ایک بیٹی ہو اور ایک پوتی اور ایک بہن پس جواب دیا ابو موسی نے

لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِلْأُخْتِ النِّصْفُ وَائْتِ ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَيُتَابِعُنِي فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَأُخْبِرَ

کہ بیٹی کو آدھا اور بہن کو آدھا اور جا عبد اللہ بن مسعود کے پاس پس موافقت کریگا میری پس سوال کئے گیے ابن مسعود اور

بِقَوْلِ أَبِي مُوسَى فَقَالَ لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ أَقْضِي فِيهَا

ساتھ جواب ابو موسی کے پس کہا ابن مسعود نے کہ تحقیق میں گمراہ ہوں اسوقت اور نہ ہوں میں راہ پانیوالوں سے حکم کرونگا میں اس مسئلہ میں

بِمَا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ

موافق اسکے کہ حکم کیا رسول خدا صلعم نے کہ وہ یہی ہے بیٹی کو آدھا اور پوتی کو چھٹا حصہ واسطے پورا کرنے

الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ فَأَتَيْنَا أَبَا مُوسَى فَأَخْبَرْنَاهُ بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ

دو تہائی کے اور جو باقی رہے سو پس واسطے بہن کے ہے پس آئے ہم ابو موسی کے پاس اور خبر دی ہم نے انکو ساتھ کہنے ابن مسعود کے

فَقَالَ لَا تَسْأَلُونِي مَا دَامَ هَذَا الْحَبْرُ فِيكُمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عِمْرَانَ

پس کہا ابو موسی نے کہ نہ پوچھا کرو مجھسے جب تک کہ یہ عالم ہے بیچ تمہارے نقل کی یہ بخاری نے اور روایت ہے عمران

ابنِ حصینٍ قال جاء رجلٌ الی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقال اِنّ ابنَ ابنی مات

بن حصین سے کہ کہا آیا ایک شخص پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق پوتا میرا مرگیا

فمالی من میراثہٖ قال لک السدس فلمّا ولّٰی دعاہ قال لک سدسٌ اٰخر

پس کیا پہنچتا ہے مجکو میراث اوسکی سے فرمایا واسطے تیرے ہے چھٹا حصہ پس جب پھرا وہ بلایا اوسکو حضرتؐ نے اور فرمایا واسطے تیرے

فلمّا ولّٰی دعاہ قال اِنّ السدس الاٰخر طعمۃٌ لک رواہ احمد والترمذی

پس جب پشت پھیری بلایا اوسکو فرمایا تحقیق ہے چھٹا حصہ اخیر کا رزق ہے واسطے تیرے نقل کی یہ احمد اور ترمذی

وابوداود وقال الترمذی ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ وعن قبیصۃ بنِ

اور ابوداود نے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے قبیصہ بیٹے

ذؤیبٍ قال جاءت الجدّۃ الی ابی بکرٍ تسألہ میراثہا فقال لہا مالکِ فی

ذویب کے سے کہ کہا آئی نانی پاس ابی بکر صدیق کے سے رضی اللہ عنہ کہ مانگتی تھی اونسے میراث اپنی پس کہا واسطے اوسکے

کتاب اللّٰہ شیءٌ وّمالکِ فی سنّۃ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم شیءٌ فارجعی حتّٰی

کتاب اللہ کے کچھہ اور نہیں واسطے تیرے بیچ سنت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کچھہ پس پھر جا یہانتک کہ

اسأل النّاس فسأل فقال المغیرۃ ابن شعبۃ حضرتُ رسول اللّٰہ صلی

پوچھوں لوگوں سے پھر پوچھا ابوبکر لوگوں سے پس کہا مغیرہ بن شعبہ نے کہ حاضر ہوا تھا میں رسول خدا صلے اللہ

اللّٰہ علیہ وسلم اَعطاہا السدس فقال ابوبکرٍ ھل معک غیرک فقال محمّد بن مسلمۃ

علیہ وسلم کے پاس دلوایا نانی کو چھٹا حصہ پس کہا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مغیرہ کو کہ آیا ہے تیرے ساتھ کوئی سوا تیرے پس کہا محمد بن مسلمہ نے

مثل ماقال المغیرۃ فانفذہ لہا ابوبکرٍ ثمّ جاءت الجدّۃ الاخرٰی الی

مانند اوس چیز کے کہ کہا تھا مغیرہ نے پس جاری کیا اوس حکم کو واسطے اوس نانی کے حضرت ابوبکر نے پھر آئی دادی پاس

عمر تسألہ میراثہا فقال ھو ذٰلک السدس فان اجتمعتما فھو بینکما

حضرت عمر کے سے رضی اللہ عنہ کہ طلب کرتی تھی اونسے میراث اپنی پس کہا حضرت عمر نے وہی چھٹا حصہ ہے پس اگر جمع ہو تم دونو پس وہ چھٹا حصہ

وایّتکما خلت بہٖ فھو لہا رواہ مالکٌ واحمد والترمذی وابوداود

اور جونسی تم دونو سے کہ تنہا ہو ساتھ اس چھٹے حصہ کے پس وہ چھٹا حصہ اوسکو لئے ہے نقل کی یہ مالک اور احمد اور ترمذی اور ابوداود

والدارمی وابن ماجۃ وعن ابن مسعودٍ قال فی الجدّۃ مع ابنہا

اور دارمی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا بیچ مسئلہ جدہ کے ساتھ بیٹے اوسکے کے

إِنَّهَا أَوَّلُ جَدَّةٍ أَطْعَمَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُدُسًا مَعَ ابْنِهَا وَابْنُهَا حَيٌّ

یہ بات کہ وہ اول جدہ تھی کہ دلوایا تھا اوسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے چھٹا حصہ ساتھ بیٹے اوسکے کے اور بیٹا اوسکا زندہ تھا

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ ضَعَّفَهُ وَعَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ سُفْيَانَ

نقل کی ترمذی اور دارمی نے اور ترمذی نے ضعیف کہا ہے اس حدیث کو۔ اور روایت ہے ضحاک بن سفیان سے

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَيْهِ أَنْ وَرِّثِ امْرَأَةَ أَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ

یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لکھا طرف اوسکی یہ کہ تو میراث دے اشیم ضبابی کی عورت کو

دِيَةِ زَوْجِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ

خون بہا خاوند اوسکے سے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث

حَسَنٌ صَحِيحٌ وَعَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے تمیم داری سے کہ کہا پوچھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا حکم ہے

السُّنَّةُ فِي الرَّجُلِ مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ يُسْلِمُ عَلَى يَدَيْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ

شرع کا بیچ شخص مشرک کے کہ اسلام لایا ہاتھ پر ایک شخص مسلمان کے پس فرمایا

هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَ

کہ وہ شخص لائق تر ہے ساتھ زندگی اوسکی کے اور مرنے اوسکے کے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا مَاتَ وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا إِلَّا غُلَامًا كَانَ أَعْتَقَهُ

روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ ایک شخص مر گیا اور نہ چھوڑا کوئی وارث مگر ایک غلام کہ آزاد کیا تھا اوسکو

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَهُ أَحَدٌ قَالُوا لَا إِلَّا غُلَامٌ لَهُ كَانَ أَعْتَقَهُ فَجَعَلَ النَّبِيُّ

پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آیا ہے واسطے اوسکے کوئی وارث عرض کیا صحابہ نے کہ نہیں کوئی وارث مگر ایک غلام کہ آزاد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيرَاثَهُ لَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَمْرِو

صلے اللہ علیہ وسلم نے میراث اوس میت کی اوس غلام آزاد کو نقل کی یہ ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عمرو

بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَرِثُ الْوَلَاءَ مَنْ يَرِثُ

بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور نقل کی اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وارث ہوتا ہے ولاء کا جو وارث ہوتا ہے

الْمَالَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ إِسْنَادُهُ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ الْفَصْلُ

مال کا نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث اسناد اسکی نہیں قوی فصل

الثالث عن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما كان

تیسری روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو

من ميراث قسم في الجاهلية فهو على قسمة الجاهلية وما كان من

میراث کہ بانٹی گئی جاہلیت میں سو پس وہ اوپر بانٹنے جاہلیت کے ہے اور جو

ميراث ادركه الاسلام فهو على قسمة الاسلام رواه ابن ماجة و

میراث کہ پایا اوسکو اسلام نے پس وہ اوپر بانٹنے اسلام کے ہے نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔ اور

عن محمد بن ابي بكر بن حزم انه سمع اباه كثيرا يقول كان عمر بن الخطاب

روایت ہے محمد بن ابی بکر بن حزم سے یہ کہ اوسنے سنا اپنے باپ سے اکثر کہتے تھے کہ تھے حضرت عمر بن الخطاب

يقول عجبا للعمة تورث ولا ترث رواه مالك وعن عمر قال تعلموا

فرماتے کہ تعجب ہے واسطے پھپی کے کہ وارث ہوتا ہے اوسکا بھتیجا اور نہیں وارث ہوتی وہ بھتیجے کی نقل کی یہ مالک نے۔ اور روایت ہے عمر رضی سے

الفرائض وزاد ابن مسعود والطلاق والحج قالا فانه من دينكم رواه

؎۲ ترجمہ سوطا مین ... جان حرام ہوتی ہے ... نسب کے سبب بلکہ نکاح نہین درست ویسا ہی اور دودہ پینے کے سبب بھی نکاح نہین درست جیسے ماں اور بہن ... نسب کے سبب حرام ہے ایسے ہی دایہ اور دایہ کی بیٹی ... اور اسکا نکاح منع ہے اسیطرح اور بھی قیاس کر لیا چاہیے ۱۲

؎۳ وہ چچا تیرا ہے اور ... معلوم ہوا کہ دایہ کے خاوند اور دایہ کی اولاد سے ... عورت کو پردہ نہین ... ۱۲

؎۴ یعنی ... حمزہ ... بیٹی حضرت ... بھائی ... ۱۲

أُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ وَالرَّضْعَتَانِ

ام فضل سے کہ کہا تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں حرام کرتا ایک بار دودھ پی لینا اور دو بار دودھ پی لینا

وَفِي رِوَايَةِ عَائِشَةَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَالْمَصَّتَانِ وَفِي أُخْرَى لِأُمِّ الْفَضْلِ

اور بیچ روایت عائشہ کے یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے نہیں حرام کرتا ایک بار چوسنا اور دو بار چوسنا اور دوسری روایت ام الفضل کی یوں آئی ہے

قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْإِمْلَاجَةُ وَالْإِمْلَاجَتَانِ هٰذِهِ رِوَايَاتٌ لِمُسْلِمٍ وَعَنْ

کہ فرمایا حضرت نے نہیں حرام کرتا ایک بار داخل کرنا چھاتی کا یا دو بار داخل کرنا یہ روایتیں ہیں مسلم کی۔ اور روایت ہے

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِيمَا أُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ يُحَرِّمْنَ

حضرت عائشہ سے کہ کہا تھا بیچ اس چیز کے اتاری گئی قرآن میں یہ کلام کہ دس بار دودھ پینا کہ معلوم ہووے اوسکا حرام کرتا ہے

ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُومَاتٍ فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ فِيمَا يُقْرَأُ

پھر منسوخ ہوا یہ حکم ساتھ پانچ بار دودھ پینے کے کہ معلوم ہو پھر وفات کئے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور حال آنکہ یہ آیت پڑھی جاتی تھی

مِنَ الْقُرْآنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ

قرآن میں نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے عائشہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے

عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا رَجُلٌ فَكَأَنَّهُ كَرِهَ ذٰلِكَ فَقَالَتْ إِنَّهُ أَخِي فَقَالَ انْظُرْنَ

اون کے پاس اور نزدیک اونکے تھا ایک شخص بیٹھا پس گویا کہ مکروہ جانا اوسکو حضرت نے پس کہا عائشہ نے کہ تحقیق یہ شخص بھائی ہے

مَنْ إِخْوَانُكُنَّ فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ

کو کون ہیں بھائی تمہارے پس سوا اسکے نہیں کہ معتبر دودھ پینا وقت بھوک کے ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے عقبہ بیٹے

الْحَارِثِ أَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِأَبِي إِهَابِ بْنِ عَزِيزٍ فَأَتَتِ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ قَدْ

حارث کے سے یہ کہ اوسنے نکاح کیا بیٹی ابواہاب بیٹے عزیز کے سے پھر آئی ایک عورت اور کہا کہ تحقیق

أَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِي تَزَوَّجَ بِهَا فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ مَا أَعْلَمُ أَنَّكِ أَرْضَعْتِنِي وَلَا أَخْبَرْتِنِي

دودھ پلایا میں نے عقبہ کو اور اس عورت کو کہ نکاح کیا عقبہ نے اوس سے پس کہا اوسکو عقبہ نے کہ نہیں جانتا میں کہ تحقیق تو نے دودھ پلایا

فَأَرْسَلَ إِلَى آلِ أَبِي إِهَابٍ فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوا مَا عَلِمْنَا أَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا فَرَكِبَ إِلَى النَّبِيِّ

پس بھیجا عقبہ نے ایک شخص کو طرف لوگوں ابی اہاب کے پس پوچھا اونسے کہ تمہاری لڑکی کو دودھ پلایا ہے اس عورت نے پس کہا اونہوں نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ فَسَأَلَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ وَقَدْ قِيلَ

صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ تھے مدینہ میں اور پوچھا حضرت سے حکم اس نکاح کا پس فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ کس طرح اور تحقیق کہا گیا ہے

فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ

پس جدا کر دیا اوس عورت کو عقبہ نے اور نکاح کیا اوس عورت نے اور خاوند سے سوا اسکے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی سعید

الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ بَعَثَ جَيْشًا إِلَى أَوْطَاسٍ

خدری سے ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دن حنین کے بھیجا ایک لشکر طرف اوطاس کے

فَلَقُوا عَدُوًّا فَقَاتَلُوهُمْ فَظَهَرُوا عَلَيْهِمْ وَأَصَابُوا لَهُمْ سَبَايَا فَكَأَنَّ نَاسًا

پس ملے دشمنوں سے اور لڑے دشمنوں سے پس غالب آکر دشمنوں پر اور پائی واسطے اپنے بندی پس گویا کہ بعضے آدمیوں نے

مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّجُوا مِنْ غِشْيَانِهِنَّ مِنْ أَجْلِ أَزْوَاجِهِنَّ

صحابیوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سے پرہیز کیا صحبت کرنے ان لونڈیوں کی سے بسبب ہونے خاوندوں ان کے

مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَأَنْزَلَ اللهُ فِي ذَلِكَ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ

کہ مشرک تھے پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے اس مقدمہ میں یہ آیت اور حرام کی گئی ہیں تم پر عورتیں خاوند والیاں مگر وہ عورتیں کہ مالک ہوئی ہیں

أَيْمَانُكُمْ أَيْ فَهُنَّ لَهُمْ حَلَالٌ إِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

ہاتھ تمہارے پس یہ لونڈیاں واسطے تمہارے حلال ہیں جس وقت کہ گذر جاوے عدت انکی روایت کی یہ مسلم نے

الْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ

فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس سے

تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا أَوِ الْعَمَّةُ عَلَى بِنْتِ أَخِيهَا وَالْمَرْأَةُ عَلَى خَالَتِهَا أَوِ

کہ نکاح کیجاوے عورت اوپر پھوپی اپنی کے یا پھوپی اوپر بھتیجی اپنی کے اور منع فرمایا اس سے کہ نکاح کی جاوے عورت اپنی خالہ پر یا

الْخَالَةُ عَلَى بِنْتِ أُخْتِهَا لَا تُنْكَحُ الصُّغْرَى عَلَى الْكُبْرَى وَلَا الْكُبْرَى عَلَى

خالہ اپنی بھانجی پر نہ نکاح کی جاوے چھوٹے ناتے والی بڑے ناتے والی پر اور نہ بڑے ناتے والی

الصُّغْرَى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرِوَايَتُهُ

چھوٹے ناتے والی پر روایت کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی اور نسائی نے اور روایت نسائی کے لفظ

إِلَى قَوْلِهِ بِنْتِ أُخْتِهَا وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَرَّ بِي خَالِي أَبُو بُرْدَةَ

بنت اختہا تک ہیں۔ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہا گذرا مجھ پر ماموں میرا ابو بردہ

ابْنُ نِيَارٍ وَمَعَهُ لِوَاءٌ فَقُلْتُ أَيْنَ تَذْهَبُ فَقَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

بن نیار رضہ اور تھا ساتھ اوسکے نشان پس کہا میں نے کہاں جاتے ہو پس کہا بھیجا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِلٰی رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ اَبِیْهِ اٰتِیَهٗ بِرَأْسِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَ

طرف ایک شخص کی کہ نکاح کیا ہی اوسنے اپنے باپ کی بیوی سے لاؤں میں حضرت کی پاس سر اوسکا روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے اور

فِیْ رِوَایَةٍ لَهٗ وَلِلنَّسَائِیِّ وَابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیِّ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهٗ

ایک روایت ابوداؤد کی میں اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی کی روایت میں یون آیا ہی کہ پس حکم کیا مجکو حضرت نے کہ ماروں میں

وَاٰخُذَ مَالَهٗ وَفِیْ هٰذِهِ الرِّوَایَةِ قَالَ عَمِّیْ بَدَلَ خَالِیْ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ

اور لے آؤں میں مال اوسکا اور اس روایت میں کہا چچا میرا بدلے ماموں میرے کی۔ اور روایت ہی ام سلمہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَا فَتَقَ الْاَمْعَاءَ فِی

فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حرام کرتی دودھ پینے سے کوئی قسم اوسکی مگر وہ قسم کہ کھولے انتڑیوں کو بیچ

الثَّدْیِ وَکَانَ قَبْلَ الْفِطَامِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ الْاَسْلَمِیِّ

پستان کے اور ہووے پہلے وقت دودھ چھڑانے کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی حجاج بیٹے حجاج اسلمی کے سے

عَنْ اَبِیْهِ اَنَّهٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا یُذْهِبُ عَنِّیْ مَذِمَّةَ الرَّضَاعِ فَقَالَ

کہ روایت کی اوسنے اپنے باپ سے تحقیق اوسنے کہا یا رسول اللہ کیا چیز دور کرتی ہے مجھ سے حق دودھ کو پس فرمایا

غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَعَنْ

ایک بردہ غلام ہو یا لونڈی روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے۔ اور روایت ہی

اَبِی الطُّفَیْلِ الْغَنَوِیِّ قَالَ کُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ

ابی طفیل غنوی سے کہ کہا تھا میں بیٹھا ہوا ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ناگہان

اَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ فَبَسَطَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءَهٗ حَتّٰی قَعَدَتْ عَلَیْهِ فَلَمَّا

آئی ایک عورت پس بچھادی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر اپنی یہانتک کہ بیٹھ گئی وہ چادر پر پس جب

ذَهَبَتْ قِیْلَ هٰذِهٖ اَرْضَعَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَعَنِ ابْنِ

چلی گئی کہا گیا کہ اس عورت نے دودھ پلایا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نقل کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہی ابن

عُمَرَ اَنَّ غَیْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِیَّ اَسْلَمَ وَلَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ فِی الْجَاهِلِیَّةِ

عمر سے یہ کہ غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوا اسحال میں کہ اوس پاس تھیں دس عورتیں جاہلیت میں

فَاَسْلَمْنَ مَعَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ اَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ

پس وہ عورتیں بھی مسلمان ہوئیں ساتھ اوسکے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رکھ تو چار عورتوں کو اور جدا کر تو باقیوں کو

رواه احمد والترمذي وابن ماجة وعن نوفل بن معاوية قال اسلمت
نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے نوفل بن معاویہ سے کہ کہا مسلمان ہوا میں

وتحتي خمس نسوة فسألت النبي صلى الله عليه وسلم فقال فارق واحدة وامسك
اور تھیں نکاح میں میرے پانچ عورتیں پس پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا چھوڑ دے ایک کو اور رکھ

اربعا فعمدت الى اقدمهن صحبة عندي عاقر منذ ستين سنة
چار کو سو پس قصد کیا میں نے طرف پہلی نکاحی پانچ کے کہ سب سے پہلے تھی صحبت میں نزدیک میرے ساٹھ برس سے

ففارقتها رواه في شرح السنة وعن الضحاك بن فيروز الديلمي عن ابيه
پس جدا کر دیا میں نے اسکو نقل کی یہ شرح السنہ میں ۔ اور روایت ہے ضحاک بیٹے فیروز دیلمی کے سے کہ نقل کی اپنے باپ سے

قال قلت يا رسول الله اني اسلمت وتحتي اختان قال اختر ايتهما
کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں مسلمان ہوا اور نکاح میں میرے ہیں دو بہنیں ہیں فرمایا اختیار کر لے ان دونوں میں سے

شئت رواه الترمذي وابو داود وابن ماجة وعن ابن عباس قال
جسکو چاہے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا

اسلمت امرأة فتزوجت فجاء زوجها الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول
مسلمان ہوئی ایک عورت سو پھر نکاح کیا پھر آیا پہلا خاوند اسکا طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا یا رسول اللہ

الله اني قد اسلمت وعلمت باسلامي فانتزعها رسول الله صلى الله عليه وسلم
تحقیق میں مسلمان ہوا تھا سو اور جانا تھا اسنے اسلام میرا پس نکالا اس عورت کو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

من زوجها الآخر وردها الى زوجها الاول وفي رواية انه قال
دوسرے خاوند کے نکاح سے اور حوالہ کیا اس عورت کو طرف خاوند پہلے اسکے کے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ اس پہلے خاوند نے

انها اسلمت معي فردها عليه رواه ابو داود وروي في شرح السنة
کہ وہ عورت مسلمان ہوئی ساتھ میرے پس حوالہ کی حضرت نے وہ عورت اوسیکو نقل کی یہ ابوداؤد نے اور روایت کی گئی شرح السنہ میں

ان جماعة من النساء ردهن النبي صلى الله عليه وسلم بالنكاح الاول على ازواجهن
کہ تحقیق کتنی ہی عورتوں کو پھیر دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بسبب پہلے نکاح اونکے خاوندوں پر

عند اجتماع الاسلامين بعد اختلاف الدين والدار منهن بنت الوليد
نزدیک جمع ہونے اسلام خاوند اور بی بی کے پیچھے مختلف ہونے دین کے اور ملک کے اونمیں سے بیٹی ولید

ابْنِ مُغِيرَةَ كَانَتْ تَحْتَ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ فَأَسْلَمَتْ يَوْمَ الْفَتْحِ

بیٹے مغیرہ کی تھی نکاح صفوان بیٹے امیہ کے مین پس مسلمان ہوئی وہ دن فتح مکہ کے

وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ فَبَعَثَ إِلَيْهِ ابْنَ عَمِّهِ وَهْبَ بْنَ عُمَيْرٍ بِرِدَاءِ

اور بہاگ گیا خاوند اوسکا اسلام لانے سے پس بہیجا حضرت نے طرف اوسکی بیٹے چچا اوسکیکو کہ نام اوسکا وہب بن

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَانًا لِصَفْوَانَ فَلَمَّا قَدِمَ جَعَلَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اپنی کے رحمت ہو اللہ کی اوپر اوسکے اور سلام واسطے امان دینے صفوان کے پس جب آیا صفوان مقرر کیا واسطے اوسکے رسول خدا صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْيِيرَ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ حَتَّى أَسْلَمَ فَاسْتَقَرَّتْ عِنْدَهُ وَأَسْلَمَتْ أُمُّ حَكِيمٍ

علیہ وسلم نے سیر کرنا چار مہینے کا یہانتک کہ مسلمان ہوا صفوان پس ٹہیری بیبی ولید کی کہ بیوی اوسکی تہی اوسکے نکاح مین

بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ امْرَأَةُ عِكْرِمَةَ بْنِ أَبِي جَهْلٍ يَوْمَ الْفَتْحِ بِمَكَّةَ وَهَرَبَ

بیٹی حارث بیٹے ہشام کی عورت عکرمہ بیٹے ابوجہل کی دن فتح مکہ کے مکہ مین اور بہاگا

زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ حَتَّى قَدِمَ الْيَمَنَ فَارْتَحَلَتْ أُمُّ حَكِيمٍ حَتَّى قَدِمَتْ

خاوند اوسکا اسلام لانے سے یہانتک کہ آیا یمن مین اور چلی ام حکیم یہانتک کہ آئی

عَلَيْهِ الْيَمَنَ فَدَعَتْهُ إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمَ فَثَبَتَا عَلَى نِكَاحِهِمَا رَوَاهُ مَالِكٌ

خاوند کے پاس یمن مین پس بلایا خاوند کو طرف اسلام کی پس مسلمان ہوا پس رہے دونو اپنے نکاح پر نقل کی یہ مالک نے

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ مُرْسَلًا

ابن شہاب سے بطریق ارسال کے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حَرُمَ مِنَ

روایت ہے ابن عباس سے کہا حرام کی گئین

النَّسَبِ سَبْعٌ وَمِنَ الصِّهْرِ سَبْعٌ ثُمَّ قَرَأَ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ الْآيَةَ رَوَاهُ

نسب سے سات عورتین اور رشتہ مصاہرت سے سات پھر پڑہی یہ آیت حرام کی گئین تم پر مائین تمہاری آخر آیۃ تک نقل کی یہ

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

بخاری نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اونے نقل کی اپنے دادا سے یہہ کہ رسول خدا صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَيُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَأَةً فَدَخَلَ بِهَا فَلَا يَحِلُّ لَهُ نِكَاحُ ابْنَتِهَا وَإِنْ

علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نکاح کرے کسی عورت سے پھر صحبت کرے اوس سے پس نہین درست اوسکو نکاح کرنا اوسکی بیٹی سے اور اگر

لَمْ يَدْخُلْ بِهَا فَلْيَنْكِحِ ابْنَتَهَا وَأَيُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَأَةً فَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَنْكِحَ

نہین صحبت کی اوس سے پس جائز ہے نکاح بیٹی اوسکی سے اور جو شخص کہ نکاح کرے کسی عورت سے پس نہین حلال ہے نکاح کرنا

اَمْ هَادَخَلَ بِهَا اَوْلَمْ يَدْخُلْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا يَصِحُّ

ان اوسکی نے صحبت کی ہو اوس عورت سے یا نہ صحبت کی ہو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث نہیں صحیح

مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهِ اِنَّمَا رَوَاهُ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَالْمُثَنّٰى ابْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ

بسبب اسناد کے سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا اسکو ابن لہیعہ نے اور مثنی بیٹے صباح کے نے عمرو بن

شُعَيْبٍ وَهُمَا يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ بَابُ الْمُبَاشَرَةِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ

شعیب سے اور وہ دونوں نسبت ضعیف کی کیے جاتے ہیں بیچ روایت کرنے حدیث کے باب ہے بیچ بیان صحبت کرنے کے عورتوں سے فصل پہلی روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ اِذَا اَتَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ مِنْ دُبُرِهَا فِيْ قُبُلِهَا

جابر سے کہ کہا تھے یہود کہتے جس وقت صحبت کرے مرد اپنی عورت سے پیچھے کی طرف سے اوسکی اگلی جا میں

كَانَ الْوَلَدُ اَحْوَلَ فَنَزَلَتْ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ

ہوتا ہے لڑکا اوسکا بھینگا پس اوتری یہ آیت کہ عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تمہاری پس آؤ اپنی کھیتی میں جس طرح سے چاہو

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نَعْزِلُ وَالْقُرْاٰنُ يَنْزِلُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

متفق علیہ ہے اور روایت ہے جابر سے کہ کہا تھے ہم عزل کرتے اصحاب لیکن کہ قرآن اوترتا تھا اور نہی نہ آئی روایت کی بخاری اور مسلم نے اور

زَادَ مُسْلِمٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَنْهَنَا وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ

زیادہ کیا مسلم نے پس پہنچی خبر اوسکی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس منع نہ کیا ہمکو۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا تحقیق

رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ لِيْ جَارِيَةً هِيَ خَادِمُنَا وَاَنَا

ایک شخص آیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ تحقیق میرے پاس ایک لونڈی ہے کہ وہ خدمت کرتی ہے ہماری اور میں

اَطُوْفُ عَلَيْهَا وَاَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ فَقَالَ اعْزِلْ عَنْهَا اِنْ شِئْتَ فَاِنَّهُ سَيَاْتِيْهَا

صحبت کرتا ہوں اوس سے اور مکروہ جانتا ہوں کہ حاملہ ہو پس فرمایا حضرت نے عزل کر اوس سے اگر چاہے تو پس تحقیق پیدا ہوگی اوس سے

مَا قُدِّرَ لَهَا فَلَبِثَ الرَّجُلُ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ الْجَارِيَةَ قَدْ حَبِلَتْ فَقَالَ

وہ چیز کہ مقدر ہو اسکے لیے پس دیر لگی اوس شخص نے ایک مدت پھر آیا حضرت کے پاس اور کہا کہ تحقیق لونڈی حاملہ ہو گئی پس فرمایا

قَدْ اَخْبَرْتُكَ اَنَّهُ سَيَاْتِيْهَا مَا قُدِّرَ لَهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

تحقیق خبر دی تھی میں نے تجھکو کہ تحقیق پیدا ہوگی اوس سے وہ چیز کہ مقدر ہے واسطے اوسکی نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے

قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ فَاَصَبْنَا سَبْيًا

کہ کہا نکلے ہم ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ غزوے بنی المصطلق کے ۵ھ پس پائی ہم نے بندیاں

مِنْ سَبْيِ الْعَرَبِ فَاشْتَهَيْنَا النِّسَاءَ وَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ وَاَحْبَبْنَا

بندے عرب کے سے پس ملی رغبت کی ہمنے عورتوں کی اور سخت مشکل ہوا ہمپر مجرد رہنا سو اور چاہا ہمنے

الْعَزْلَ فَاَرَدْنَا اَنْ نَعْزِلَ وَقُلْنَا نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا

عزل کرنا پس ارادہ کیا ہمنے عزل کرنیکا اور سو کہا ہمنے عزل کریں ہم اسحالمیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم درمیان ہمارے ہیں

قَبْلَ اَنْ نَسْأَلَهُ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَفْعَلُوْا مَا

پہلے اس سے کہ سو پوچھیں ہم اونسے پھر پوچھا ہمنے اونسے حکم اسکا پس فرمایا نہیں نقصان تمکو یہ کہ نہ کرو عزل کو نہیں

مِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

کوئی جان پیدا ہونیوالی قیامت تک سو مگر کہ وہ ہونے والی ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہی ابی سعید رضی

قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ مَا مِنْ كُلِّ الْمَاءِ يَكُوْنُ

کہ کہا پوچھے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم حکم عزل کرنے کے سے پس فرمایا نہیں ہوتا ہر آب منی سی

الْوَلَدُ وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ شَيْءٍ لَمْ يَمْنَعْهُ شَيْءٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَعْدِ

فرزند اور جسوقت کہ ارادہ کرتا ہی اللہ تعالیٰ پیدا کرنے کسی چیز کا تو نہیں باز رکھتی اوسکو کوئی چیز نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی سعد

بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْزِلُ

بن ابی وقاص سی یہ کہ ایک شخص آیا طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق میں عزل کرتا ہوں

عَنِ امْرَاَتِيْ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فَقَالَ الرَّجُلُ اُشْفِقُ

عورت اپنی سے پس کہا واسطے اوسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیوں کرتا ہی تو یہ پس کہا اوس شخص نے کہ سو ڈرتا ہوں میں

عَلٰى وَلَدِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ ضَارًّا ضَرَّ فَارِسَ

اوپر لڑکے اوسکے کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر ہو یہ ضرر کرتا تو ضرر کرتا فارس

وَالرُّوْمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ قَالَتْ حَضَرْتُ رَسُوْلَ

اور روم کو نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی جدامہ بیٹی وہب کی سے کہ کہا حاضر ہوئی میں رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اُنَاسٍ وَهُوَ يَقُوْلُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ گروہ لوگونکے اسحالمیں کہ وہ فرماتے تھے تحقیق قصد کیا میںنے یہ کہ منع کروں میں غیلہ سے

فَنَظَرْتُ فِي الرُّوْمِ وَفَارِسَ فَاِذَا هُمْ يُغِيْلُوْنَ اَوْلَادَهُمْ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ

پھر دیکھا میںنے بیچ حال روم اور فارس کے کہ وہ غیلہ کرتے ہیں اپنی اولاد کو پس نہیں ضرر کرتا اونکی اولاد کو

ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَأَلُوْهُ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الْوَأْدُ

یہ کچھ پھر پوچھا لوگوں نے حضرت سے حکم عزل کا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ملنا کر یہ زندہ درگور کرنا ہے

الْخَفِيُّ وَهِيَ وَإِذَا الْمَوْءُوْدَةُ سُئِلَتْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ

پوشیدہ اور یہ خصلت داخل ہے اس آیت میں اور جسوقت جیتی گاڑی پوچھی جاوے گی نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا کہا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَعْظَمَ الْأَمَانَةِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِي رِوَايَةٍ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بڑی امانت نزدیک اللہ تعالیٰ کے دن قیامت کی اور بیچ ایک روایت کے

إِنَّ مِنْ أَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلُ يُفْضِي إِلَى امْرَأَتِهٖ

تحقیق بدترین لوگوں کا نزدیک اللہ کے باعتبار مرتبہ کے دن قیامت کے وہ شخص ہے کہ پہنچے طرف عورت اپنی کے

وَتُفْضِي إِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنِ

اور پہنچے عورت طرف اوسکی پھر ظاہر کرے بھید اوسکا نقل کی یہ مسلم نے ۔ فصل دوسری روایت ہے

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أُوْحِيَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ

ابن عباس سے کہ کہا وحی کی گئی طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں واسطے تمہارے پس آؤ اپنی کھیتی میں

الْاٰيَةَ أَقْبِلْ وَأَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

آخر آیت تک اگلی جانب میں اگلی طرف سے اور پچھلی طرف سے اگلی جانب میں اور بچو پرہیز کرو دخل کرنے سے مقعد میں اور حالت حیض میں

وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ لَا

اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے خزیمہ بن ثابت سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں

يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِيْ أَدْبَارِهِنَّ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

حیا کرتا بیان کرنے حق کے سے نہ آؤ تم عورتوں کی پاس مقعدوں انکی میں نقل کی یہ احمد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَلْعُوْنٌ مَنْ أَتَى امْرَأَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْهُ قَالَ

لعنت کیا گیا وہ شخص کہ آئے اپنی عورت کے پاس بیچ مقعد اوسکی نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الَّذِيْ يَأْتِي امْرَأَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق وہ شخص کہ آوے عورت کے پاس مقعد اوسکی میں نہیں نظر کرتا اللہ تعالیٰ

إليه رواه في شرح السنة وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى

طرف اوسکی نقل کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم لا ينظر الله إلى رجل أتى رجلا أو امرأة في الدبر رواه الترمذي

علیہ وسلم نے نہیں دیکھتا اللہ تعالی طرف اوس شخص کی کہ آوے مرد کے پاس یا عورت کے پاس مقعد میں نقل کی یہ ترمذی نے

وعن أسماء بنت يزيد قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا

اور روایت ہے اسماء بیٹی یزید کی سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہ

تقتلوا أولادكم سرا فإن الغيل يدرك الفارس فيدعثره عن فرسه

مارو تم اولاد اپنی کو پوشیدہ پس تحقیق غیل پالیتا ہے سوار کو پس پچھاڑتا اوسکو گھوڑی اوسکی سے

رواه أبو داود الفصل الثالث عن عمر بن الخطاب قال نهى رسول

نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ فصل تیسری روایت ہے عمر بن خطاب سے کہ کہا منع فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم أن يعزل عن الحرة إلا بإذنها رواه ابن ماجة باب

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عزل کرنے حرہ کو سے بدون اذن اوسکی کے نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔ باب ہے بیچ حدیث

الفصل الأول عن عروة عن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه

فصل پہلی روایت ہے عروہ سے کہ نقل کی حضرت عائشہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قال لها في بريرة خذيها فأعتقيها وكان زوجها عبدا فخيرها

فرمایا واسطے اونکی بیچ مقدمہ بریرہ کے کہ لے اوسکو پھر آزاد کر اوسکو اور تھا خاوند بریرہ کا غلام پس مختار کیا اوسکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم فاختارت نفسها ولو كان حرا لم يخيرها متفق

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پس اختیار کیا بریرہ نے اپنے نفس کو اور اگر ہوتا خاوند اوسکا آزاد تو نہ اختیار دیتے اوسکو متفق

عليه وعن ابن عباس قال كان زوج بريرة عبدا أسود يقال له مغيث

علیہ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا تھا خاوند بریرہ کا غلام سیاہ کہا جاتا تھا اوسکو مغیث

كأني أنظر إليه يطوف خلفها في سكك المدينة يبكي ودموعه تسيل

گویا کہ میں دیکھتا ہوں طرف اوسکی پھرتا تھا پیچھے بریرہ کے مدینہ کے کوچوں میں روتا اور آنسو اوسکے بہتے

على لحيته فقال النبي صلى الله عليه وسلم للعباس يا عباس ألا تعجب من حب مغيث

اوسکی ڈاڑھی پر پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے عباس کے اے عباس کیا نہیں تعجب کرتا تو چاہنے مغیث کے سے

بَرِيْرَةَ وَمِنْ بُغْضِ بَرِيْرَةَ مُغِيْثًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَاجَعْتِيْهِ فَقَالَتْ

بریرہ کو اور دشمن رکھنی بریرہ کے سے مغیث کو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو کاشکے رجوع کرے تو مغیث سے پس عرض کیا بریرہ نے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَأْمُرُنِيْ قَالَ إِنَّمَا أَشْفَعُ قَالَتْ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

کہ یا رسول اللہ کیا اسکا حکم فرماتے ہو مجکو فرمایا سوا اسکے نہیں کہ سفارش کرتا ہوں میں کہا بریرہ نے نہیں حاجت مجکو اسکی رجوع کرنے کی نقل کیا اسکو بخاری نے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تُعْتِقَ مَمْلُوْكَيْنِ

فصل دوسری روایت ہے عائشہ رض سے یہ کہ انہوں نے ارادہ کیا آزاد کرنے دو مملوک اپنی کا کہ

لَهُمَا زَوْجٌ فَسَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهَا أَنْ تَبْدَأَ بِالرَّجُلِ قَبْلَ الْمَرْأَةِ

آپسمین تھے خاوند بیوی پھر پوچھا عائشہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس حکم فرمایا عائشہ کو یہ کہ آزاد کریں مرد کو پہلے عورت سے

رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْهَا أَنَّ بَرِيْرَةَ عَتَقَتْ وَهِيَ عِنْدَ مُغِيْثٍ

نقل کی یہ ابی داؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے یہ کہ بریرہ آزاد ہوئی اس حالمین کہ وہ تھی نکاح مین مغیث کے

فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَهَا إِنْ قَرِبَكِ فَلَا خِيَارَ لَكِ رَوَاهُ

پس اختیار دیا بریرہ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا اسکو اگر نزدیکی کریگا تجھسے تو پس نہیں اختیار رہنے کا واسطے تیرے

أَبُوْ دَاوُدَ بَابُ الصَّدَاقِ اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ سَهْلِ بْنِ

ابو داؤد نے۔ باب بیچ بیان مہر کے فصل پہلی روایت ہے سہل بیٹے

سَعْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سعد کے سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی ایک عورت اور کہا اوسنے یا رسول اللہ

إِنِّيْ وَهَبْتُ نَفْسِيْ لَكَ فَقَامَتْ طَوِيْلًا فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

تحقیق بخشے مینے جان اپنی واسطے آپکے اور کھڑی رہی دیر تک پس کھڑا ہوا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ

زَوِّجْنِيْهَا إِنْ لَمْ تَكُنْ لَكَ فِيْهَا حَاجَةٌ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ

نکاح کرو میرا اس سے اگر نہیں ہے آپکو اوسمین کچھ حاجت پس فرمایا حضرت نے کیا ہے تیرے پاس کچھ چیز

تُصْدِقُهَا قَالَ مَا عِنْدِيْ إِلَّا إِزَارِيْ هٰذَا قَالَ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ

کہ مہر مین دیگا تو اوسکو کہا اوس شخص نے کہ نہیں میرے پاس کچھ مگر تہبند میرا یہ فرمایا حضرت نے پس ڈھونڈلا اگرچہ ہو ایک انگوٹھی

حَدِيْدٍ فَالْتَمَسَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكَ

لوہے کی پس ڈھونڈا اوسنے اور نہ پائی کوئی چیز پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے ساتھ تیرے

مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ قَالَ نَعَمْ سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا فَقَالَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا

قرآن سے کچھ کہا اس شخص نے ہاں سورہ فلانی اور سورہ فلانی پس فرمایا نکاح کر دیا مینے تیرا اس سے

بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ انْطَلِقْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا فَعَلِّمْهَا

بسبب اس چیز کے کہ ساتھ تیرے ہے قرآن سے اور ایک روایت میں ہے کہ کہا جا پس تحقیق نکاح کر دیا مینے تیرا اس سے پس سکھلا اسکو

مِنَ الْقُرْآنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ

قرآن سے متفق علیہ - اور روایت ہے ابی سلمہ سے کہ کہا پوچھا مینے حضرت عائشہ سے کہ کتنا تھا

صَدَاقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ صَدَاقُهُ لِأَزْوَاجِهِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ

مہر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمایا حضرت عائشہ نے کہ تھا مہر حضرت صلعم کا واسطے بیبیوں اونکی کے بارہ

أُوقِيَّةً وَنَشٌّ قَالَتْ أَتَدْرِي مَا النَّشُّ قُلْتُ لَا قَالَتْ نِصْفُ أُوقِيَّةٍ

اوقیہ اور ایک نش کہا حضرت عائشہ نے کیا جانتا ہے تو کہ کیا ہے نش کہا مینے نہیں کہا حضرت عائشہ نے آدھا اوقیہ

فَتِلْكَ خَمْسُ مِائَةِ دِرْهَمٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَنَشٌّ بِالرَّفْعِ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ

پس یہ سب ہوئے پانسو درہم نقل کیا یہ مسلم نے اور لفظ نش ساتھ دو پیشون کے ہے شرح السنہ میں

وَفِي جَمِيعِ الْأُصُولِ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ أَلَا لَا

اور بیچ سب کتابوں اصول کے فصل دوسری روایت ہے عمر بن الخطاب رض سے کہ کہا خبردار ہو نہ

تُغَالُوا صَدُقَةَ النِّسَاءِ فَإِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا وَتَقْوَى

بہاری مہر باندھو عورتوں کا پس تحقیق بہاری مہر باندہنا اگر ہوتا سبب بزرگی کا دنیا میں اور موجب تقوی کا

عِنْدَ اللهِ لَكَانَ أَوْلَاكُمْ بِهَا نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى

نزدیک اللہ تعالی کے تو البتہ لائق تر ہوتے ساتھ اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں جانتا ہوں رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ شَيْئًا مِنْ نِسَائِهِ وَلَا أَنْكَحَ شَيْئًا مِنْ بَنَاتِهِ عَلَى أَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَيْ

علیہ وسلم کو کہ نکاح کیا ہو کسی عورت سے اپنی میں سے اور نہ نکاح کر دیا کسیکا بیٹیوں اپنی سے زیادہ بارہ

عَشْرَةَ أُوقِيَّةً رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ

اوقیہ سے نقل کیا یہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن

مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْطَى

ماجہ اور دارمی نے - اور روایت ہے جابر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے دیا

... روایت کیا اور ابو داؤد اور حاکم نے عقبہ بن عامر سے نکالا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر مہر وہ ...

باب الصداق

فِي صَدَاقِ امْرَأَتِهِ مِلْءَ كَفَّيْهِ سَوِيقًا أَوْ تَمْرًا فَقَدِ اسْتَحَلَّ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

بیچ مہر عورت اپنی کے بہر کر دو نو ہاتہ ستو یا کہجور سے پس تحقیق حلال کیا اوسنے اوس عورت کو نقل کی یہ ابوداؤد

وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِي فَزَارَةَ تَزَوَّجَتْ عَلَى نَعْلَيْنِ

اور روایت ہے عامر بیٹے ربیعہ کے سے یہ کہ ایک عورت نے بنی فزارہ مین سے نکاح کیا اوپر دو جوتیون کے

فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَضِيتِ مِنْ نَفْسِكِ وَمَالِكِ بِنَعْلَيْنِ

پس فرمایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا راضی ہوئی تو بدلے نفس اپنی کے باوجود ہونے مال کے ساتہ دو جوتیون کے

قَالَتْ نَعَمْ فَأَجَازَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ

کہا ہان سو پس روا رکہا آنحضرت صلعم نے اوسکو نقل کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے علقمہ سے کہ نقل کی ابن مسعود سے یہ کہ وہ

سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا شَيْئًا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتَّى

پوچہے گئے حکم ایک شخص کے سے کہ نکاح کیا ایک عورت سے اور نہ معین کیا واسطے اوسکے کچہہ مہر اور نہ دخول کیا ساتہ اوسکے یہان تک کہ

مَاتَ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ لَهَا مِثْلُ صَدَاقِ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ

مرگیا پس کہا ابن مسعود نے واسطے اوس عورت کے ہے مانند مہر عورتون اسکی کے نہ کم اور نہ زیادہ

وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيرَاثُ فَقَامَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْأَشْجَعِيُّ فَقَالَ

اور اوسپر ہے عدت اور واسطے اوسکے میراث بہی ہے پس کہڑے ہوئے معقل بن سنان اشجعی اور کہا کہ

قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَأَةٍ مِنَّا بِمِثْلِ مَا قَضَيْتَ

حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ حق بروع بیٹی واشق کے کہ ایک عورت تہی ہم مین سے مانند اوسچیز کے حکم کیا تو نے

فَفَرِحَ بِهَا ابْنُ مَسْعُودٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ

پس خوش ہوئے ساتہ اس بات کے ابن مسعود نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ

فصل تیسری روایت ہے ام حبیبہ سے یہ کہ وہ تہین نکاح مین عبد اللہ بن جحش کے

فَمَاتَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمْهَرَهَا

پس مرگئے عبد اللہ بیچ زمین حبشہ کے پس نکاح کر دیا اونکا نجاشی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہ اور مہر مقرر کیا نجاشی نے

عَنْهُ أَرْبَعَةَ آلَافٍ وَفِي رِوَايَةٍ أَرْبَعَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ وَبَعَثَ بِهَا إِلَى رَسُولِ

حضرت صلعم کی طرف سے چار ہزار اور ایک روایت مین سو چار ہزار درہم اور بہیجدیا ام حبیبہ کو پیغمبر خدا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ شُرَحْبِيْلَ ابْنِ حَسَنَةَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ساتھ شرحبیل بیٹے حسنہ کے نقل کی یہ ابوداود اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ تَزَوَّجَ اَبُوْطَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ فَكَانَ صَدَاقُ مَا بَيْنَهُمَا الْاِسْلَامَ اَسْلَمَتْ

انس سے کہا نکاح کیا ابوطلحہ نے ام سلیم سے پس ہوا مہر آپس میں اسلام لانا مسلمان ہوئی تھی

اُمُّ سُلَيْمٍ قَبْلَ اَبِيْ طَلْحَةَ فَخَطَبَهَا فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ اَسْلَمْتُ فَاِنْ اَسْلَمْتَ نَكَحْتُكَ

ام سلیم پہلے ابوطلحہ کے پس پیغام نکاح کا بھیجا ابوطلحہ نے ام سلیم کو پس کہا ام سلیم نے کہ تحقیق میں مسلمان ہوئی ہوں اگر مسلمان

فَاَسْلَمَ فَكَانَ صَدَاقُ مَا بَيْنَهُمَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ بَابُ الْوَلِيْمَةِ اَلْفَصْلُ

پس مسلمان ہوا ابوطلحہ پس سلہ ہوا اسلام لانا ابوطلحہ کا مہر آپس میں نقل کی یہ نسائی نے ۔ باب ہے بیچ بیان ولیمہ کے ۔ فصل

الْاَوَّلُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ

پہلی روایت ہے انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا عبدالرحمن بن عوف پر

اَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالَ اِنِّيْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِّنْ ذَهَبٍ

نشان سلہ زردی کا پس فرمایا کیا ہے یہ کہا عبدالرحمن نے تحقیق میں نے نکاح کیا ایک عورت سے اوپر ہم وزن نواۃ کی سونے سے

قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ مَا اَوْلَمَ

فرمایا حضرت نے برکت کرے اللہ تعالی واسطے تیرے سلہ ولیمہ کر اگرچہ ایک بکری ہو متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انس سے کہا نہیں ولیمہ کیا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ نِّسَائِهِ مَا اَوْلَمَ عَلٰى زَيْنَبَ اَوْلَمَ بِشَاةٍ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر کسی کے اپنی عورتوں میں سے اسقدر کہ ولیمہ کیا زینب کے نکاح میں ولیمہ کیا انکا ساتھ بکری کے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ اَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَنٰى بِزَيْنَبَ

متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا ولیمہ کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ تصرف میں لائے زینب

بِنْتِ جَحْشٍ فَاَشْبَعَ النَّاسَ خُبْزًا وَّلَحْمًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ

بیٹی جحش کی کو پس پیٹ بھر دیا لوگوں کو روٹی اور گوشت سے نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا تحقیق

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کیا صفیہ کو اور نکاح کیا اوسے اور ٹھہرایا سلہ آزادی اونکی مہر اونکا

وَاَوْلَمَ عَلَيْهَا بِحَيْسٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ اَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور ولیمہ کیا اونکے نکاح میں ساتھ حیس کے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انہیں سے کہا ٹھہرے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

باب الولیمۃ

۳ مہر جو مقرر ہوا خواہ تھوڑا خواہ بہت اور اگر اسکی قیمت پر نکاح کیا اور قیمت دونوں کو معلوم ہے تو مہر صحیح ہے نہ اسکو ذمہ قیمت رہی نہ مرد کے ذمہ مہر اسی اگر قیمت

بَیْنَ خَیْبَرَ وَالْمَدِیْنَةِ ثَلٰثَ لَیَالٍ یُبْنیٰ عَلَیْهِ بِصَفِیَّةَ فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِیْنَ
درمیان خیبر اور مدینہ کے تین رات لائی گئی حضرت ہوکے پاس صفیہ پس بلایا میں نے مسلمانوں کو

اِلیٰ وَلِیْمَتِهٖ وَمَا کَانَ فِیْهَا مِنْ خُبْزٍ وَّلَا لَحْمٍ وَّمَا کَانَ فِیْهَا اِلَّا اَنْ اَمَرَ
طرف ولیمہ اونکی کی اور نہ تھی اوسمین روٹی اور نہ گوشت اور نہ تھا اوسمین مگر یہ کہ حکم کیا حضرت نے

بِالْاَنْطَاعِ فَبُسِطَتْ فَاُلْقِیَ عَلَیْهَا التَّمْرُ وَالْاَقِطُ وَالسَّمْنُ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ
ساتھ بچھانے دسترخوان چمڑے کے پس بچھائے گئے دسترخوان اور ڈالی گئیں دسترخوانوں پر کھجوریں اور قِط اور گھی نقل کی یہ بخاری نے

وَعَنْ صَفِیَّةَ بِنْتِ شَیْبَةَ قَالَتْ اَوْلَمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَعْضِ نِسَائِهٖ
اور روایت ہے صفیہ بیٹی شیبہ کی سے کہ کہا ولیمہ کیا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بعضی اپنی عورتوں کا

بِمُدَّیْنِ مِنْ شَعِیْرٍ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ
ساتھ دو سیر جَو کے نقل کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ بیشک رسول خدا

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ اِلَی الْوَلِیْمَةِ فَلْیَاْتِهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت بلایا جاوے ایک تمہارا طرف طعام شادی کے پس چاہیے کہ حاضر ہو اور طعام شادی میں متفق علیہ

لِمُسْلِمٍ فَلْیُجِبْ عُرْسًا کَانَ اَوْ نَحْوَهٗ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
مسلم کی یون ہے کہ پس چاہیے کہ قبول کرے دعوت نکاح کی ہو یا مانند اسکے - اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ اِلٰی طَعَامٍ فَلْیُجِبْ فَاِنْ شَاءَ طَعِمَ وَاِنْ شَاءَ تَرَکَ رَوَاهُ
علیہ وسلم نے جس وقت کہ بلایا جاوے ایک تمہارا طرف طعام کے پس چاہیے کہ قبول کرے پھر اگر چاہے کھاوے اور اگر چاہے نہ کھاوے نقل کیا

مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ
مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے برا کھانا وہ کھانا

الْوَلِیْمَةِ یُدْعیٰ لَهَا الْاَغْنِیَاءُ وَیُتْرَکُ الْفُقَرَاءُ وَمَنْ تَرَکَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ
نکاح کا ہے کہ بلائے جاتے ہیں واسطے اوسکے دولتمند لوگ اور چھوڑے جاتے ہیں فقیر اور جو شخص نہ قبول کرے دعوت پس تحقیق

عَصَی اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ کَانَ
نافرمانی کی اوسنے اللہ کی اور رسول اوسکے کی متفق علیہ - اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے کہ کہا تھا

رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ یُکْنیٰ اَبَا شُعَیْبٍ کَانَ لَهٗ غُلَامٌ لَحَّامٌ فَقَالَ اصْنَعْ
ایک شخص انصار میں سے کنیت کیا جاتا تھا ابو شعیب تھا اوسکا غلام بیچتا تھا گوشت پس کہا اوس شخص نے غلام کو

لِی طَعَامًا یَکْفِی خَمْسَةً لَعَلِّی اَدْعُو النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَامِسَ خَمْسَةٍ فَصَنَعَ

ہو سبب کہنی میری کے کہانا کہ کفایت کرے پانچ آدمیون کو تاکہ بلاؤن مین پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتہ ان کے آنحضرت صلعم پانچوین ہون تا پکاوین سو

لَهٗ طُعَیِّمًا ثُمَّ اَتَاهُ فَدَعَاهُ فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا شُعَیْبٍ

کیئے اوسکے تہوڑا ساکہانا پہر آیا وہ شخص آنحضرت صلعم کے پاس اور دعوت کی حضرت صلعم کی پس ساتہ لگ لیا اونکے ایک شخص پس فرمایا نبی صلعم نے ای ابو شعیب

اِنَّ رَجُلًا تَبِعَنَا فَاِنْ شِئْتَ اَذِنْتَ لَهٗ وَاِنْ شِئْتَ تَرَکْتَهٗ قَالَ لَا بَلْ اَذِنْتُ

ساتہ ہولیا ہے ہمارے ایک شخص پس اگر چاہے تو اذن دے اوسکو آنیکا اور اگر چاہے تو چہوڑ دے اوسکو کہا ابو شعیب نے نہین بلکہ اذن

لَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اوسکو متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے حضرت انس رضہ سے یہہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اَوْلَمَ عَلٰی صَفِیَّةَ بِسَوِیْقٍ وَتَمْرٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ

ولیمہ کیا بوقت نکاح صفیہ کے ساتہ ستو اور کہجور کے نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن

مَاجَةَ وَعَنْ سَفِیْنَةَ اَنَّ رَجُلًا ضَافَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَصَنَعَ لَهٗ

ماجہ نے۔ اور روایت ہے سفینہ سے یہ کہ ایک شخص مہمان آیا حضرت علی رضہ بن ابی طالب کے پاس پس تیار کیا علی رضہ نے اوسکے لیے

طَعَامًا فَقَالَتْ فَاطِمَةُ لَوْ دَعَوْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَکَلَ مَعَنَا فَدَعَوْهُ

کہانا اور کہا حضرت فاطمہ نے اگر بلاوین ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اور کہاوین وہ ہمارے ساتہ تو بہتر ہی پس بلایا

فَجَاءَ فَوَضَعَ یَدَیْہِ عَلٰی عِضَادَتَیِ الْبَابِ فَرَاَی الْقِرَامَ قَدْ ضُرِبَ فِیْ

اور آئے حضرت صلعم اور رکہے دونو ہاتہ اپنے اوپر دونو بازوؤن دروازے کے پس دیکہا پردہ پڑا ہوا بیچ

نَاحِیَةِ الْبَیْتِ فَرَجَعَ قَالَتْ فَاطِمَةُ فَتَبِعْتُهٗ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا رَدَّكَ

کونے گہر کے پس پہر گئے حضرت صلعم کہا حضرت فاطمہ نے پس پیچہے پیچہے گئی مین حضرت صلعم کے اور کہا مینے ای رسول خدا کس چیز نے

قَالَ اِنَّهٗ لَیْسَ لِیْ اَوْ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّدْخُلَ بَیْتًا مُزَوَّقًا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ

فرمایا بیشک نہین واسطے میرے یا واسطے کسی نبی کے یہ کہ داخل ہو گہر زینت کیے مین نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے۔

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ دُعِیَ فَلَمْ یُجِبْ

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ دعوت کیا جاوے پہر نہ قبول کرے

فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَهٗ وَمَنْ دَخَلَ عَلٰی غَیْرِ دَعْوَةٍ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ

پس بیشک نافرمانی کی اللہ اور رسول اوسکے کی اور جو آدمی آیا مجلس کہانے میں بن بلائے آیا چور اور نکلا

مُعْتَبَرٌ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْ رَجُلٍ مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُوْلَ

ٹھوت کر نقل کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے ایک شخص سے کہ تھا صحابیوں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سے کہ رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا اجْتَمَعَ الدَّاعِيَانِ فَأَجِبْ أَقْرَبَهُمَا بَابًا وَإِنْ سَبَقَ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت اکٹھے ہو جاویں دو دعوت کرنیوالے پس قبول کر دعوت اسکی کہ بہت نزدیک ہو دروازہ اسکا اور اگر

أَحَدُهُمَا فَأَجِبِ الَّذِي سَبَقَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

ایک انمیں سے آگے ہو پس قبول کر دعوت اسکی جو پہلے کی نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد نے - اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ أَوَّلِ يَوْمٍ حَقٌّ وَطَعَامُ يَوْمِ الثَّانِي سُنَّةٌ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کھانا ہے پہلے دن کا حق ہے اور کھانا دوسرے دن کا سنت ہے

وَطَعَامُ يَوْمِ الثَّالِثِ سُمْعَةٌ وَمَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللهُ بِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ

اور کھانا تیسرے دن کا سنانا ہے اور جو کوئی سناویگا سناویگا اللہ تعالیٰ اسکو نقل کی یہ ترمذی نے - اور

عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ طَعَامِ الْمُتَبَارِيَيْنِ

روایت ہے عکرمہ سے کہ نقل کی ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کھانے طعام دو شخصوں فخر

أَنْ يُؤْكَلَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ وَالصَّحِيْحُ أَنَّهُ عَنْ عِكْرِمَةَ

کرنیوالوں کے آپس میں نقل کی یہ ابوداؤد نے اور کہا محی السنہ نے کہ صحیح یہ ہے کہ عکرمہ سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بطریق ارسال کے - فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَبَارِيَانِ لَا يُجَابَانِ وَلَا يُؤْكَلُ طَعَامُهُمَا قَالَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو شخص فخر کرنیوالوں کی دعوت قبول نہ کیجاوے اور کھانا انکا نہ کھایا جاوے کہا

الْإِمَامُ أَحْمَدُ يَعْنِي الْمُتَعَارِضَيْنِ بِالضِّيَافَةِ فَخْرًا وَرِيَاءً وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ

امام احمد نے مراد حضرت کی متبارین سے یہ ہے کہ دو شخص بطریق مقابلہ ضیافت کریں از راہ فخر اور ریا کے - اور روایت ہے عمران

حُصَيْنٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ إِجَابَةِ طَعَامِ الْفَاسِقِيْنَ

حصین سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قبول کرنے دعوت فاسقین کے سے -

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمْ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ آوے ایک تمہارا

عَلٰی اَخِیْهِ الْمُسْلِمِ فَلْیَاْکُلْ مِنْ طَعَامِهٖ وَلَا یَسْاَلْ وَیَشْرَبْ مِنْ شَرَابِهٖ وَلَا
بھائی مسلمان کے پاس پس چاہیے کہ کھاوے کھانے اوسکے سے اور نہ پوچھے اور پیوے پانی اوسکا سے اور نہ
یَسْاَلْ رَوَی الْاَحَادِیْثَ الثَّلٰثَةَ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ هٰذَا اِنْ
پوچھے روایت کین تینون حدیثین بیہقی نے شعب الایمان مین اور کہا بیہقی نے یہ حدیث اگر
صَحَّ فَلِاَنَّ الظَّاهِرَ اَنَّ الْمُسْلِمَ لَا یُطْعِمُهٗ وَلَا یَسْقِیْهِ اِلَّا مَا هُوَ حَلَالٌ عِنْدَهٗ
صحیح ہو تو وجہ اوسکی یہ ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ مسلمان نہین کھلاتا مسلمان کو اور نہین پلاتا اوسکو مگر وہ کہ حلال ہوتا ہے نزدیک اوسکے

بَابُ الْقَسْمِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ
باب ہے بیچ بیان حکم تقسیم کے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے یہہ کہ رسول خدا
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ عَنْ تِسْعِ نِسْوَةٍ وَکَانَ یَقْسِمُ مِنْهُنَّ لِثَمَانٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ
صلے اللہ علیہ وسلم وفات کئے گئے نو بیبیان چھوڑ کر اور تقسیم کرتے تھے اونمین سے واسطے آٹھ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے
وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ سَوْدَةَ لَمَّا کَبِرَتْ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ جَعَلْتُ یَوْمِیْ
اور روایت ہے حضرت عائشہ سے یہ کہ سودہ جبکہ بوڑہی ہوئین تو کہا یا رسول اللہ تحقیق کردانا مینے دن اپنا
مِنْكَ لِعَائِشَةَ فَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقْسِمُ لِعَائِشَةَ یَوْمَیْنِ یَوْمَهَا
واسطے عائشہ کے پس تھے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نوبت کرتے واسطے عائشہ رض کے دو دن ایک دن تو انکی نوبت کا
وَیَوْمَ سَوْدَةَ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَسْاَلُ
اور ایک دن سودہ رض کی نوبت کا متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پوچھتے
فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ اَیْنَ اَنَا غَدًا اَیْنَ اَنَا غَدًا یُرِیْدُ یَوْمَ عَائِشَةَ
اپنی بیماری مین کہ جسمین وفات ہوئی تھی کہان ہونگا مین کل کو کہان ہونگا مین کل کو ارادہ کرتے تھے دن نوبت عائشہ کا
فَاَذِنَ لَهٗ اَزْوَاجُهٗ یَکُوْنُ حَیْثُ شَاءَ فَکَانَ فِیْ بَیْتِ عَائِشَةَ حَتّٰی مَاتَ عِنْدَهَا
پس اذن دیا حضرت کو اونکی بیبیون نے کہ رہین جہان چاہین پس تھے حضرت صلعم بیچ گھر حضرت عائشہ کے یہانتک کہ وفات ہوئی اونکے
رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْهَا قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ سَفَرًا
نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے سفر کا
اَقْرَعَ بَیْنَ نِسَائِهٖ فَاَیَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ
تو قرعہ ڈالتے درمیان بیبیون اپنی کے پس جس کسیکا اونمین سے نکلتا حصہ لیجاتے اوسکو ساتھ اپنے سفر مین متفق علیہ اور روایت ہے

باب القسم

أبي قلابة عن أنس قال من السنة إذا تزوج الرجل البكر على الثيب أقام

ابی قلابہ سے کہ نقل کی انس سے کہ کہا سنت ہے کہ جس وقت کہ نکاح کرے مرد عورت باکرہ سے ثیب پر رہے

عندها سبعا وقسم وإذا تزوج الثيب أقام عندها ثلاثا ثم قسم

باکرہ کے پاس سات رات پھر تقسیم کرے اور جس وقت کہ نکاح کرے ثیب سے رہے اوسکے پاس تین رات پھر تقسیم کرے

قال أبو قلابة ولو شئت لقلت إن أنسا رفعه إلى النبي صلى الله عليه وسلم

کہا ابو قلابہ نے اگر چاہتا میں کہتا میں کہ انس نے پہنچائی یہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک

متفق عليه وعن أبي بكر بن عبد الرحمن أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

متفق علیہ اور روایت ہے ابی بکر بیٹے عبد الرحمن کے سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

حين تزوج أم سلمة وأصبحت عنده قال لها ليس بك على أهلك

جس وقت کہ نکاح کیا ام سلمہ سے اور صبح کی ام سلمہ نے حضرت کے پاس فرمایا اونکو کہ نہیں ہے سبب تیرے اوپر اہل تیرے

هوان إن شئت سبعت عندك وسبعت عندهن وإن شئت ثلثت

ذلت اگر چاہے تو سات رات رہوں تیرے پاس اور سات سات رات رہوں اور سب بیویوں کے پاس اور اگر چاہے تو

عندك ودرت قالت ثلث وفي رواية أنه قال لها للبكر سبع وللثيب

تیرے پاس اور دورہ کروں میں کہا ام سلمہ نے تین رات رہو میرے پاس اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت نے فرمایا واسطے ام سلمہ کے

ثلث رواه مسلم الفصل الثاني عن عائشة أن النبي صلى

تین رات روایت کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے حضرت عائشہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ

عليه وسلم كان يقسم بين نسائه فيعدل ويقول اللهم هذا قسمي فيما أملك

علیہ وسلم تھے تقسیم کرتے درمیان بیویوں اپنی کے اور عدل کرتے اور کہتے تھے یا الٰہی یہ تقسیم کرنا میرا ہے بیچ اوس چیز کے کہ مالک ہوں

فلا تلمني فيما تملك ولا أملك رواه الترمذي وأبو داود والنسائي

پس ملامت کر مجھکو بیچ اوس چیز کے کہ مالک ہے تو اور نہیں مالک میں نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود اور نسائی

وابن ماجة والدارمي وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس وقت کہ

كانت عند الرجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيمة وشقه ساقط

ہوں نزدیک ایک شخص کے دو بیویاں پھر نہ انصاف کرے درمیان اونکے آویگا دن قیامت کے اور آدھا بدن اوسکا گرا ہوا

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ

نقل کیا یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَضَرْنَا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ جَنَازَةَ

فصل تیسری روایت ہے عطاء بن رباح تابعی سے کہ کہا حاضر ہوئے ہم ساتھ ابن عباس کے

مَيْمُوْنَةَ بِسَرِفَ فَقَالَ هٰذِهٖ زَوْجَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَفَعْتُمْ

میمونہ کے جنازہ پر بیچ مقام سرف میں پس کہا ابن عباس نے یہ ہیں بیبی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی پس جسوقت کہ اوٹھاؤ تم انکا

نَعْشَهَا فَلَا تُزَعْزِعُوْهَا وَلَا تُزَلْزِلُوْهَا وَارْفُقُوْا بِهَا فَاِنَّهٗ كَانَ عِنْدَ

جنازہ پس نہ بہت ہلاؤ اوسکو اور نہ جنبش دو اوسکو اور اوٹھاؤ اوسکو بہم سے اور تعظیم کرو اسکی اسلیے کہ تحقیق تہیں نزدیک

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعُ نِسْوَةٍ كَانَ يَقْسِمُ مِنْهُنَّ لِثَمَانٍ وَلَا يَقْسِمُ لِوَاحِدَةٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نو عورتیں تھے حضرت مسئلہ تقسیم کرتے اونمیں سے واسطے آٹھ کے اور نہ تقسیم کرتے تہے واسطے ایک کے

قَالَ عَطَاءٌ اَلَّتِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْسِمُ لَهَا بَلَغَنَا اَنَّهَا

کہا عطاء نے وہ عورت کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نہ تقسیم کرتے تہے واسطے اوسکے پہنچی ہمکو خبر یہ کہ وہ تہیں

صَفِيَّةُ وَكَانَتْ اٰخِرَهُنَّ مَوْتًا مَاتَتْ بِالْمَدِيْنَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقَالَ رَزِيْنٌ

صفیہ اور تہیں صفیہ آخر سب عورتوں سے مرنے میں کہ مری تہیں مدینہ میں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور کہا رزین نے

قَالَ غَيْرُ عَطَاءٍ هِيَ سَوْدَةُ وَهُوَ اَصَحُّ وَهَبَتْ يَوْمَهَا لِعَائِشَةَ حِيْنَ اَرَادَ

کہا غیر عطاء نے کہ وہ عورت کہ نہ تقسیم کرتے تہے اوسکے لیے سودہ تہیں اور یہی بہت صحیح ہے کہ بخشدیا تہا اونہوں نے دن اپنا واسطے عائشہ کے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَاقَهَا فَقَالَتْ لَهٗ اَمْسِكْنِيْ وَقَدْ وَهَبْتُ يَوْمِيْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکی طلاق کا پس کہا اونہوں نے واسطے حضرت کے کہ رہنے دو مجکو اپنے نکاح میں اور تحقیق بخشدیا میں نے

لِعَائِشَةَ لَعَلِّيْ اَنْ اَكُوْنَ مِنْ نِسَائِكَ فِي الْجَنَّةِ بَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ

واسطے عائشہ کے باامید اسکے کہ ہوں میں تمہاری بیویوں سے بہشت میں۔ یہ باب ہے بیچ بیان اون حدیثوں کے کہ اوسمیں ہے بیچ صحبت

وَمَا لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِّنَ الْحُقُوْقِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ

اور بیچ بیان حقوق ہر ایک عورت کے فصل پہلی روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا فَاِنَّهُنَّ

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قبول کرو وصیت بیچ حق عورتوں کے بھلائی کی اسلیے کہ تحقیق

خُلِقْنَ مِنْ ضِلَعٍ وَّاِنَّ اَعْوَجَ شَيْءٍ فِي الضِّلَعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهُ

پیدا کی گئی ہیں پسلی سے اور تحقیق بہت ٹیڑھی چیز پسلی میں اوپر کی پسلی ہے پس اگر ارادہ کرے تو کہ سیدھا کرے پسلی کو

كَسَرْتَهُ وَاِنْ تَرَكْتَهُ لَمْ يَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

توڑ دیگا اوسکو اور اگر چھوڑے تو پسلی کو اپنے حال پر ہمیشہ رہیگی ٹیڑھی ہی پس قبول کرو وصیت بیچ حق عورتوں کے متفق علیہ اور روایت ہے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ لَنْ تَسْتَقِيْمَ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ تحقیق عورت پیدا کی گئی ہے پسلی سے ہرگز نہیں سیدھی ہوگی

لَكَ عَلٰى طَرِيْقَةٍ فَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَبِهَا عِوَجٌ وَّاِنْ

واسطے تیرے اوپر ایک راہ کے پس اگر چاہیے تو کہ فائدہ اوٹھاوے تو ساتھ اوسکے فائدہ اوٹھاویگا ساتھ اوسکے اوس حال میں کہ بیچ اوسکے کجی ہے اور اگر

ذَهَبْتَ تُقِيْمُهَا كَسَرْتَهَا وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ

چاہے تو سیدھا کرنا اوسکا توڑ دیگا تو اوسکو اور توڑنا اوسکا طلاق دینا اوسکا ہے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً اِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بغض رکھے مرد مسلمان عورت مسلمان سے اگر ناخوش رکھیگا اوسکی ایک خصلت کو تو

رَضِيَ مِنْهَا اٰخَرَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

خوش رکھیگا اوسکی خصلت دوسری کو نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَوْلَا بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ لَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ اُنْثٰى زَوْجَهَا الدَّهْرَ

